چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے فوڈ سیفٹی ٹیم کے ہمراہ ایکشن لیتے ہوئے جعلی اور مضر صحت جوس کی بڑی سپلائی ناکام بنا دی۔ انہوں نے مشکوک گاڑی کو روکا واقع دوران معائنہ 400 لیٹر سے زائد جعلی جوس برآمد کر لیا۔ ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ جوس کو ممنوع مضر صحت اجزاء سے بنایا گیا تھا اور معروف پھٹی بجھلی لیبل کو استعمال کرتے ہوئے جوس تیار کیا گیا تھا۔ 400 لیٹر سے زائد جعلی و مضر صحت جوس تلف اور بھاری جرمانہ عائد کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ عوامی شکایات کا ازالہ پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی اولین ترجیح ہے اور اسی تناظر میں لاہور روڈ اور چناب نگر فصی چوک کے گرد نواح میں 30 دو دھ بردار گاڑیوں کی سخت چیکنگ بھی کی گئی۔

ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چنیوٹ طلحہ سعید نے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا

تمام کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں اور معیار پر کوئی مجھوتہ نہ کیا جائے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چنیوٹ طلحہ سعید نے تحصیل چوک، ٹی ایم اے چوک اور لاہور روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید نے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے موقع پر موجود عملے کو ہدایت دی کہ عوام کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے کاموں کی نگرانی مسلسل جاری رکھی جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مسائل کا بروقت ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبوں کا مقصد شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا ہے، اور اس ضمن میں میونسپل کمیٹی ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

رائیونڈ: گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں رائیونڈ کے بچوں کو میعاری تعلیم دی جاتی ہے: عابد محمود

والدین اور عوامی نمائندوں کو چاہیے کہ وہ ہمارے پاس آئیں اور سکول میں تعلیم کا معیار چیک کریں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں رائیونڈ کے بچوں کو میعاری تعلیم دی جاتی ہے سرکاری سکول ہی معیاری سکول ہے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ہائی سکول رائیونڈ کے ہیڈ ماسٹر عابد محمود نے کیا انہوں نے کہا کہ والدین اور عوامی نمائندوں کو چاہیے کہ وہ ہمارے پاس آئیں اور سکول میں تعلیم کا معیار چیک کریں ہمارے مقاصد بچوں کو میعاری تعلیم فراہم کرنا میعاری تعلیم پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو دوست بنا کر رکھیں ان سے گپ شپ کریں اور بچوں کو غیر نصابی سرگرمیوں سے دور رکھیں رائیونڈ کے شہری ہم پر اعتماد کریں اور بچوں کو ہمارے پاس سکول میں داخلہ دلوائیں ہم آپ کے اعتماد پر پورا اتریں گے ہمارے پاس بہترین لیب ہے جس میں کم از کم ایک وقت میں پانچ سو بچوں کے لیے سامان موجود ہے جو کہ رائیونڈ میں کسی بھی پرائیویٹ سکول میں میسر نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے سکول میں تمام اساتذہ قابل اور محنتی ہیں جن پر مجھے فخر ہے۔ گرین پاکستان سرسبز پاکستان شجر کاری مہم میں سو سے زائد پودے لگیں ہیں اور روزانہ ان پودوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے آنے والے دنوں میں انشاء اللہ یہ پودے پاکستان کے موسمیاتی تبدیلی میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

رانا عرفان محمود کی دعوت ولیمہ کی تقریب شادی ہال میں منعقد ہوئی

تقریب میں سابق سپیکر پنجاب اسمبلی رانا محمد اقبال خاں، انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کے چیئرمین رانا محمد اکرم و دیگر کی شرکت



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن راجپوتاں کے سینئر رہنما و چیف ایڈیٹر فلاح راجپوتاں لاہور رانا سرگودھا کے عہدیداران ظفر اقبال رائے پوری، رانا عبدالوہاب کے صاحبزادے رانا عرفان محمود کی دعوت ولیمہ کی تقریب شادی ہال میں منعقد ہوئی جس میں سابق سپیکر پنجاب اسمبلی رانا محمد اقبال خاں، انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کے چیئرمین رانا محمد اکرم، ضلعی جنرل سیکرٹری پروفیسر رانا محمد اشفاق، رانا محمد انور ایڈووکیٹ، راجپوت سپریم کونسل انٹرنیشنل کے روح رواں خالد عظمت، انجمن راجپوتاں ضلع منصب خاں، رانا محمد جمیل خاں، رانا محمد اصغر خاں، رانا محمد ارشاد خاں سمیت راجپوت برادری کی نمائندہ شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ معززین کی کثیر تعداد نے شرکت کی، مہمانوں نے بوبیاہتا جوڑے کو شادی کی مبارکباد اور خوشگوار ازدواجی زندگی کی دعائیں دیں۔

فیض احمد فیض ایکسپریس روزانہ تاخیر کا شکار ملازمت پیشہ افراد رُل گئے

رات کو 12 بجے گھر پہنچتے ہیں صبح ڈیوٹی پر جانے کیلئے 5 بجے اٹھنا پڑتا ہے نیند بھی پوری نہیں ہوتی: ملازمین کا شکوہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) فیض احمد فیض ایکسپریس روزانہ تاخیر کا شکار ملازمت پیشہ افراد رُل گئے رات کو 12 بجے گھر پہنچتے ہیں صبح ڈیوٹی پر جانے کیلئے 5 بجے اٹھنا پڑتا ہے نیند بھی پوری نہیں ہوتی ملازمین کا شکوہ تفصیل کے مطابق ناروال بدوملہی نارنگ منڈی کے ہزاروں افراد روزگار کے سلسلے میں لاہور کے ساتھ منسلک ہیں اس سلسلے میں انھیں روزانہ صبح پہلی اور رات کو آخری ٹرین فیض احمد فیض جس کا لاہور سے روانگی کا وقت سات بج تیس منٹ ہے لیکن ریلوے کی مبینہ نااہلی سے فیض احمد فیض ایکسپریس روزانہ رات دس بجے کے قریب روانہ ہو رہی ہے جس سے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے ملازمین کا کہنا ہے کہ رات کو 12 بجے گھر پہنچتے ہیں صبح 5 بجے پھر ڈیوٹی پر جانا ہوتا ہے ذہنی مریض بن کر رہ گئے ہیں خدارا مسافروں پر ترس کھائیں اور ٹرینوں کی بروقت روانگی کو یقینی بنایا جائے۔

دیپالپور اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر طبی سہولیات کا جائزہ لینے رورل ہیلتھ سینٹر بصیر پور پہنچ گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) دیپالپور اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر طبی سہولیات کا جائزہ لینے رورل ہیلتھ سینٹر بصیر پور پہنچ گئے، انہوں نے مرکز صحت کے مختلف شعبوں میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری اور میڈیکل ریکارڈ بھی چیک کیا، اس موقع پر انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہیلتھ سینٹر میں آنے والے تمام مریضوں کو تشخیص اور علاج معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بیماریوں سے بچاؤ اور پرہیز بارے بھی آگاہی فراہم کی جائے، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ شعبہ صحت میں عوامی خدمت عین عبادت ہے اور اس فریضہ ایمانداری سے سرانجام دیا جائے۔

اسسٹنٹ کمشنر ب نواز کا عیدگاہ روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق تجاوزات کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جائیں گی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت)۔ اسسٹنٹ کمشنر ب نواز کاسب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کے ہمراہ عیدگاہ روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن، اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کی کارروائی کے دوران 3 دوکانیں سیل، 20 ہزار جرمانہ، 10 دکانوں کے آگے شامیانے اتروا دیے گئے، اسسٹنٹ کمشنر ب نواز نے انفورسمنٹ انسپکٹر کو پختہ تجاوزات کو مسمار کرنے کے احکامات جاری کر دیے، انہوں نے میونسپل کمیٹی کے افسران کو عیدگاہ روڈ پر تواتر سے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کرنے کی ہدایت بھی کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ب نواز نے کہا کہ بازاروں میں دکاندار تجاوزات کے ذریعے عوام کے لیے مشکلات پیدا نہ کریں، حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق تجاوزات کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جائیں گی۔

پیر سید عمران احمد شاہ کا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر کا دورہ

جاری فیلڈ سروے کا جائزہ لیا اور وہاں موجود سائلین سے ملاقات بھی کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نیم سپر اسے) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ پیر سید عمران احمد شاہ کا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر کا دورہ، جاری فیلڈ سروے کا جائزہ لیا اور وہاں موجود سائلین سے ملاقات بھی کی، ڈپٹی ڈائریکٹر سردار رزاق محمود نے پروگرام بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ وفاقی حکومت معاشرے کے نادار طبقات کو مالی مدد فراہم کر کے انہیں غربت سے نکالنے کے ایک بڑے پروگرام پر عمل کر رہی ہے جس کے تحت انہیں ماہانہ وظیفہ دینے کے ساتھ ساتھ تحت طلبہ و طالبات کو تعلیمی وظائف اور حاملہ خواتین کو فوڈ پیکیجز بھی فراہم کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف ملک کی اقتصادی ترقی اور غربت کے خاتمے کے لئے شبانہ روز کوششیں کر رہے ہیں تاکہ اس کے فوائد عام آدمی تک بھی پہنچ سکیں۔ اس سے پہلے ڈپٹی ڈائریکٹر سردار رزاق محمود نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع ساہیوال میں کفالت پروگرام کے تحت ایک لاکھ 3 ہزار سے زائد رجسٹرڈ افراد کو سہ ماہی 13500 روپے وظیفہ دیا جا رہا ہے اور ان افراد کی رجسٹریشن کا کام ہر وقت جاری رہتا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان مستحق افراد کے بچوں کے تعلیمی اخراجات پورے کرنے کے لئے اسی پروگرام کے تحت "وسیلہ تعلیم" وظائف بھی دیے جا رہے ہیں جبکہ حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کی کفالت کے لئے بھی خواتین کو فوڈ پیکیجز اور ماہانہ وظیفہ دیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ نے ان پروگراموں کی افادیت کو مزید بہتر بنانے کے لئے عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ فیلڈ سروے کے دوران کوئی مستحق گھرانہ مالی امداد سے محروم نہ رہنے پائے۔

عازمین حج کی دوسری تربیتی نشست کا اہتمام رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ پر کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عازمین حج کی دوسری تربیتی نشست کا اہتمام رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ پر کیا گیا تفصیلات کے مطابق ضلع ننکانہ کے عازمین حج کی دوسری تربیتی نشست کا آغاز گلی شیخ فیروز الدین احمد رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ پر ہو گیا۔ تربیتی نشست کا آغاز حافظ محمد عبداللہ خالد نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ جس کے بعد مشہور نعت خواں قاری ذوالفقار چشتی نے کریم آقا ﷺ کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نچھاور کئے عازمین حج کو شیخ سلمان عابد نے تحائف تقسیم کیے شیخ عمیر عابد ایڈووکیٹ نے تربیتی نشست کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی ٹرینر ماسٹر حج شیخ فیروز الدین احمد ایڈووکیٹ کی پچاس سالہ خدمات قابل ستائش ہیں اور ان کی وفیت کے مطابق ٹریننگ کا سلسلہ جاری ہے اور انشاء اللہ جاری رہے گا سامان کی تفصیل سے آگاہ کرتے ہوئے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شیخ جاوید احمد گھمن اور پروفیسر محمد یسین قمر نے عمرہ اور حج کی ادائیگی کا طریقہ بتایا۔ جس کے بعد ٹرینر ماسٹر حج شیخ محمد عابد فیروز ایڈووکیٹ نے عازمین حج کو مناسک حج کے بارے میں معلومات سے آگاہ کیا۔ حاجز ٹریننگ سنٹر واقع بائی پاس روڈ پر ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کے جاری کردہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ننکانہ سٹی پولیس اور ٹریفک کے جوانوں نے اپنے فرائض سرانجام دیئے جبکہ ریسکیو 1122 کے عملہ نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر اکرم پنوار کی ہدایت کے مطابق زندگی بچانے اور ایمرجنسی انخلا کی عملی مہارتوں کے بارے عازمین حج کو مکمل آگاہی فراہم کی۔



مشہور نعت خواں قاری ذوالفقار چشتی نے کریم آقا ﷺ کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نچھاور کئے

19 بچوں نے حفظِ قرآن کی سعادت حاصل کر لی، مدرسۃ المدینہ عثمان ٹاؤن فیصل آباد میں تقریبِ اسناد کا انعقاد

تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد حافظ محمد عرفان عطاری نے نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر کے حاضرین کے دلوں کو منور کر دیا



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) مدرسۃ المدینہ، عثمان ٹاؤن گلی نمبر 1 فیصل آباد میں حفظِ قرآن مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک پروقار تقریبِ اسناد کا انعقاد کیا گیا۔ اس روح پرور تقریب میں 19 خوش نصیب بچوں نے حفظِ قرآن کی سعادت حاصل کی اور اپنے والدین کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کے بعد حافظ محمد عرفان عطاری نے نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر کے حاضرین کے دلوں کو منور کر دیا۔ حافظِ کرام کو مبارکباد پیش کی اور ان کی محنت کو سراہا۔ آخر میں فارغ التحصیل طلبہ کو اسناد و تحائف پیش کیے گئے۔ اس موقع پر والدین کی خوشی دیدنی تھی اور ماحول جذبۂ عقیدت و احترام سے بھرپور رہا۔ علاقے کے مکینوں نے بھی مدرسے کی اس کاوش کو سراہا اور بچوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تنویر اور حماد ملک نے شرکت کی، جنہوں نے

سیف سٹی اتھارٹی کا قیام حکومت پنجاب کا احسن اقدام ہے: عرفان اللہ وڑائچ

جرائم کو کنٹرول اور امن و امان کے قیام کیلئے پولیس کو جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی کی مدد مل سکے گی: صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیف سٹی اتھارٹی کا قیام حکومت پنجاب کا احسن اقدام ہے، جس سے جرائم کو کنٹرول اور امن و امان کے قیام کیلئے پولیس کو جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی کی مدد مل سکے گی۔ یہ بات ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان اللہ وڑائچ نے سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم، جوائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد کے ہمراہ سیف سٹی سیالکوٹ کے ہیڈ کوارٹر کے دورہ کے موقع پر کہی۔ انہوں نے آپریشنل کمانڈر ریسف سٹی سیالکوٹ ڈی ایس پی ساجد حمید ورک کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بار کے عہدیداران کو سیف سٹی آپریشن پر بریفنگ کیلئے ہیڈ کوارٹر مدعو کیا۔ عرفان اللہ وڑائچ نے کہا کہ سیف سٹی کی طرف سے بلڈ بینک کا قیام ایک احسن قدم ہے جس سے ایمرجنسی میں مریضوں کو بروقت خون مہیا ہو سکے گا۔ سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم ایڈووکیٹ نے کہا کہ جدید دور میں جدید ٹیکنالوجی سے جرائم کو کنٹرول کرنے اور ایمرجنسی میں ضرورت مند افراد فوری مدد کیلئے سیف سٹی اتھارٹی کا کردار انتہائی موثر اور قابل تحسین ہے۔ آپریشن منیجر اور اسسٹنٹ آپریشن منیجر نے بار کے وفد کو سیف سٹی ہیڈ کوارٹر سے بریفنگ اور جرائم ہونے سے پہلے متعلقہ پولیس کو بروقت اطلاع دیکر جرائم کو روکنے کے طریقہ کار اور اس سلسلہ میں کیے گئے عملی اقدامات پر تفصیل سے روشنی ڈالی جسکو صدر، سیکرٹری اور جوائنٹ سیکرٹری بارنے سراہتے ہوئے آپریشنل کمانڈر سیالکوٹ ڈی ایس پی ساجد حمید ورک کو بلڈ ڈونر کے لئے ایم او یوز سائن کرنے کیلئے بار آفس میں آنے کی دعوت دی کہ وکلاء برادری بھی سیف س

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاک افغان تعلقات: خوش آئند پیش رفت

پاکستانی وزیر خارجہ اور نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار کے دورہ کابل کے نتیجے میں باہمی معاملات کی بہتری کیلئے ہونے والا معاہدہ دونوں ملکوں کے ان تمام باشعور شہریوں کیلئے یقیناً باعث اطمینان ہے جو باہمی تعلقات میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کی وجہ سے اضطراب کا شکار تھے۔ پاکستانی دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور افغانستان نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں بشمول سکیورٹی، تجارت، ٹرانزٹ، روابط اور عوام سے عوام کے رابطوں میں تعاون بڑھانے کے لیے حکمت عملی وضع کرنے کی خاطر فیصلے کیے۔ یہ معاہدہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے افغانستان کے پہلے سرکاری دورے میں ہوا جہاں انہوں نے ایک اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت کی۔ وزیر خارجہ نے واضح کیا کہ سفارتی سرگرمیاں جاری رہیں تو مسائل کو احسانی سے حل کیا جاسکتا ہے۔ فی الحقیقت پاکستان اور افغانستان اپنے جغرافیائی محل وقوع کے باعث محض پڑوسی ہی نہیں بلکہ صدیوں پر محیط گہرے تاریخی، تہذیبی، دینی اور نسلی ولسانی رشتوں میں منسلک برادر مسلم ملک ہیں۔ پچھلی پانچ دہائیوں میں افغانستان کو دو عالمی طاقتوں کی فوجی جارحیت کا سامنا کرنا پڑا تو اہل پاکستان نے لاکھوں افغان مہاجرین کیلئے اپنے دلوں کے دروازے کھول دیے اور انہیں یہاں پاکستانی شہریوں ہی کی طرح رہنے بسنے اور معاشی جدوجہد کرنے کے تمام مواقع حاصل رہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب دوسری بیرونی جارحیت کے خلاف کامیاب مزاحمت کے بعد کابل پر دوبارہ طالبان کی حکومت قائم ہوئی تو امید کی جارہی تھی کہ پاک افغان تعلقات ایک بار پھر اسی طرح برادرانہ اور دوستانہ بنیادوں پر استوار ہوں گے جیسے اس سے پہلے کے دور اقتدار میں تھے۔ تاہم اس دور میں کالعدم تحریک طالبان پاکستان کی جانب سے دہشت گردی کی منظم کارروائیوں نے جن کیلئے مبینہ طور پر افغان سرزمین استعمال کی جاتی رہی، پاکستان کی حکومت اور عوام دونوں ہی کیلئے صورت حال کو سخت تشویشناک بنادیا۔ افغان حکومت بار بار کے وعدوں کے باوجود اس سلسلے کو روکنے میں ناکام رہی تو پاکستان میں اس کا شدید ردعمل ہوا جس کے نتیجے میں ہنگامی بنیادوں پر مطلوبہ دستاویزات نہ رکھنے والے غیر قانونی افغان مہاجرین کو افغانستان واپس بھیجنے کی مہم شروع کی گئی۔ اس مہم نے افغانستان میں منفی ردعمل پیدا کیا اور دوطرفہ کشیدگی میں اضافہ ہونے لگا۔ تاہم دونوں ملکوں کی سیاسی قیادتوں نے حکمت اور ہوشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بات چیت کے عمل کی بحالی کے ذریعے معاملات بہتر بنانے کا فیصلہ کیا اور اسی کے نتیجے میں افغان حکومت کی دعوت پر پاکستانی وزیر خارجہ ایک روزہ دورے پر کابل گئے۔ باہمی مذاکرات میں نائب وزیراعظم نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے مضبوط موقف اور اس بات کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک اپنی سرزمین دہشت گردی سے متعلق سرگرمیوں کے لیے استعمال نہیں ہونے دیں گے۔ طے پایا کہ ایسے واقعات پر دونوں ممالک مشترکہ اور فوری کارروائی کریں گے جبکہ افغان قیادت نے پاکستان سے افغان مہاجرین کے انخلا کے عمل کو باعزت بنانے کا مطالبہ کیا اور پاکستانی نائب وزیراعظم نے افغان قیادت کو اس کی مکمل یقین دہانی کرائی۔ باہمی تجارت کی بلا روک ٹوک بحالی کا فیصلہ بھی ہوا جس کی تفصیلات پاکستانی وزیر خارجہ نے کابل میں میڈیا سے گفتگو میں بیان کیں۔ تاہم خوشگوار تعلقات میں اصل رکاوٹ افغان سرزمین کا پاکستان میں دہشت گردی کیلئے استعمال اور اس کے ردعمل میں پاکستان سے افغان مہاجرین کی ایسی ہنگامی بے دخلی ہے جو افغان حکومت اور عوام میں مہاجرین کے ساتھ بدسلوکی کا تاثر پیدا کررہی ہے۔ یہ معاملات درست ہوجائیں تو تمام شعبہ ہائے زندگی کے گہرے دوستانہ و برادرانہ تعلقات کی بحالی بلا تاخیر عمل میں آسکتی ہے۔ امید ہے کہ دونوں سیاسی قیادتیں اس ہدف کے حصول کو جلد از جلد ممکن بنا کر پائیدار وخوشگوار باہمی تعلقات کو یقینی بنائیں گی کہ یہ دونوں ملکوں کے مفاد کا لازمی تقاضا ہے۔

مسئلہ نہروں کا!

پاکستان پیپلز پارٹی دریائے سندھ سے نئی نہریں نکالے جانے کے معاملے پر مسلسل تحفظات کا اظہار کررہی ہیاور دو روز قبل چیئرمین بلاول بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ اگر وفاقی حکومت متنازع نہری منصوبہ ختم کرنے کا اعلان نہیں کرتی تو ہم حکومت کی حمایت سے دستبردار ہوجائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور سربراہ مسلم لیگ ن محمد نواز شریف نے اپنی جماعت کو یہ معاملہ بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی ہدایت کی ہے، جس کی روشنی میں رانا ثناءاللہ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ بات چیت اور مشاورت ہی اس مسئلے کا حل ہے۔ انہوں نے حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 1991ء میں صوبوں کے مابین طے پانے والے معاہدے اور 1992ء کے ارسا ایکٹ کی موجودگی میں کسی سے ناانصافی نہیں ہوسکتی۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے رانا ثناءاللہ کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے یہ مسئلہ بات چیت ہی سے حل کرنے پر زور دیا ہے۔ دوسری طرف نہروں کیمعاملے میں پیپلز پارٹی کے ایم این اے سید نوید قمر کے سوال پر آبی وسائل کے وفاقی وزیر محمد معین وٹو نے تحریری طور پر اجلاس کو بتایا کہ 6 اسٹرٹیجک نہروں کا منصوبہ بنز پاکستان اقدام کے تحت شروع کیا گیا ہے، جس کیلئے ارسا نے گریٹر تھل، چھوٹی چولستان، تھر اور دیگر نہروں کیلئے پانی کی دستیابی کے سرٹیفکیٹ جاری کیا اور صدر مملکت اور صوبہ علی زرداری ان کی اصولی منظوری دے چکے ہیں۔ زرعی معیشت کے حامل پاکستان کا نام دنیا کے بہترین نہری نظام کے حامل ممالک میں سرفہرست آتا ہے تاہم موسمی تغیرات اور سیاستدانوں کی عدم توجہی کے باعث زرعی شعبہ جدید ٹیکنالوجی سے محروم ہے اور رہی سہی کسر موسمی تغیرات اور پانی کی کمی نے پوری کردی ہے۔ یہ معاملہ کسی طور مصلحتوں کی نذر نہیں ہونا چاہئے اور اس کا حل باہمی بات چیت میں تلاش کیا جانا ناگزیر ہے۔

جدید غزل کا درخشندہ ستارہ شہزاد نیّر



ہر دور اپنے اندر کچھ قدریں رکھتا ہے جن کی جھلک ہم آئینے میں بخوبی دیکھ سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ادب اپنے دور کا آئینہ کہلاتا ہے پس اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ ادب کا وقت اور حالات سے گہرا تعلق ہے اور یہ وقت اور ماحول ہی کی دین ہے اس روشنی میں جب ہم جدید ادب کا مطالعہ کرتے ہیں تو اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ جدید ادب بھی ماحول اور حالات ہی کی پیداوار ہے شاعری کا منصب یا فن خوب سے خوب تر بنانا بھی ہے دکھانا بھی اور کوئی شاعر اس منصب کا اہل نہیں اگر وہ عظیم سے واقف ہو اور حقیر پر اکتفا کرے دوسرا سبب اس کی مقبولیت کا یہ ہے کہ اچھی اور اعلیٰ غزل کے پیمانے میں جذبات یا فکر کی صہبا ہوتی ہے وہ دو آتشہ سہ آتشہ سے بھی زیادہ ہوتی ہے جہاں آگہینہ تندی صبا پگھلنے لگتا ہے ظاہر ہے اس صہبا کا طبائق پر کیا اثر ہوتا ہوگا غزل کہنے میں جتنی سہولت ہے اتنی ہی مشکلات بھی ہیں کیونکہ جو بات کہنی ہوتی ہے مختصر سے مختصر اور جلدی سے جلدی کہہ کر ختم کردی جاتی ہے دوسری طرف یہ بھی ہے کہ غزل کا شعر بڑے سے بڑے پیمانے پر پلان کرتے ہیں اور چھوٹے سے چھوٹے پیمانے پر مصرع مکمل کرتے ہیں غزل میں ہر شعر مختصر ترین اور ایک مکمل کہانی ہوتا ہے اب زندگی کی مصروفیات اور مطالبات اس قدر دگرگوں ہو چکے ہیں کہ طویل رزمیہ یا بزمیہ لکھنا ناممکن ہوگیا ہے شہزاد نیّر سے میرا تعلق دو ہزار سترہ سے ہے میری ان سے پہلی ملاقات دینہ میں ہوئی اردو ادب کے بہت بڑے نقاد اور انڈیا فلم انڈسٹری کے گیت نگار گلزار بھی اسی سرزمین سے تعلق رکھتے ہیں دینہ کی سرزمین بہت زرخیز ہے اس مٹی نے بہت سے نامور لوگ پیدا کیے آج بھی بہت سے شاعر اس سرزمین میں ادب کی خدمت میں شب و روز سرگرداں ہیں میری خوش قسمتی ہے کہ شہزاد نیّر میرے اچھے دوستوں میں شمار ہوتے ہیں شہزاد نیّر ماہر عروض ہونے کیساتھ بہت عمدہ نقاد ہیں بہت کم گو ہیں مگر جب بولتے ہیں تو جی چاہتا ہے ان کی گفتگو سنتے جائیں جدید غزل کے حوالے سے معروف شاعر اور نقاد احمد ندیم قاسمی نے ایک مضمون میں یوں قلمبند کیا ہے

جدید اردو غزل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس غزل میں باطن اور ظاہر کے درمیان ایک عجیب ناقابل شکست قسم کا رابطہ قائم ہوگیا ہے اور یوں داخلیت اور خارجیت کی پرانی بحث کی گنجائش ہی ختم ہوگئی ہے۔ معروض اور موضوع ان کے یہاں ایک جان ہوگئے ہیں۔ باہر کی کائنات اندر کی کائنات کا انعکاس بن گئی ہے اور یوں شاعری کرتے ہوئے ایسی باتیں کہہ جاتے ہیں کہ سننے والا بظاہر ششدر رہ جاتا ہے مگر اندر سے ثروت مند بھی ہوجاتا ہے

بقول میر تقی میر

مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتے ہیں

تین سو برس سے اب تک غزل کے اسلوب میں برابر تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں لیکن اس کی بنیادی حقیقت میں کوئی فرق پیدا نہیں ہوا اس سے صاف طور پر یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ صنف اپنی اصل حیثیت کو برقرار رکھتے ہوئے مختلف حالات سے مطابقت کی صلاحیت رکھتی ہے غزل ایک ایسا فن ہے جس میں اختصار کے ساتھ حیات و کائنات کے رمز بیان ہوتے ہیں غزل ہماری کئی دہائیوں سے پسندیدہ صنف ہے تعجب کی بات یہ ہے کہ پاکستان ہندوستان بننے سے پہلے اور اس کے بعد بھی کچھ عرصے تک غزل کے اہم اور بڑے شاعر فراق گورکھپوری، جگر مراد آباد وغیرہ اس عہدے پر مانے گئے ان کے بعد اس کے آگے ترقی پسند تحریک کے انقلاب آفریں شاعر فیض احمد فیض، سردار جعفری، مجروح سلطان پوری، نے غزل کا پورا حق ادا کیا آج غزل کا دامن کئی حوالوں سے پہلے سے زیادہ وسیع و عریض ہے شہزاد نیّر کی شاعری ایمجری کی شاعری میں سمجھتا ہوں کہ آج کے دور میں اگر نظم کی بات کی جائے تو شہزاد نیّر کی نظم بھی ویسی ہی پختہ نظر آتی ہے جیسی غزل ان کی شاعری سے چند پسندیدہ اشعار جو میرے پسند ہیں

دم بہ دم گردش دوراں کا گھمایا ہوا شخص
ایک دن حشر اٹھاتا ہے گرایا ہوا شخص
میں تو خود پر بھی کفایت سے اسے خرچ کروں
وہ ہے مہنگائی میں مشکل سے کمایا ہوا شخص
آپ دل جوئی کی زحمت نہ اٹھائیں جائیں
رو کے بیٹھا ہوں نہ اب اور رلائیں جائیں
حجر ہ چشم تو اوروں کے لئے بند کیا
آپ تو مالک و مختار ہیں آئیں جائیں
مر انہیں تو وہ اپنا ہی کچھ خیال کرے
اسے کہو کہ تعلق کو پھر بحال کرے
نگاہ یار نہ ہو تو نکھر نہیں پاتا
کوئی جمال کی جتنی بھی دیکھ بھال کرے
ملے تو اتنی رعایت عطا کرے مجھ کو
مرے جواب کو سن کر کوئی سوال کرے
کلام کر کہ مرے لفظ کو سہولت ہو
ترا سکوت مری گفتگو محال کرے
وہ تن کا تماشائی رہا من نہیں دیکھا
دہلیز پہ آیا بھی تو آنگن نہیں دیکھا
اس سمت سمیٹوں تو بکھرتا ہے ادھر سے
دکھ دیتے ہوئے یار نے دامن نہیں دیکھا
دروازے پہ آکر جو کسی نے بھی صدا دی
دل کھول دیا دوست کہ دشمن نہیں دیکھا

بلال یاسین: ایک باوفا سیاسی سپاہی کا سفر



میں اس نسبت کو اپنی خوش بختی کا سب سے روشن پہلو سمجھتا ہوں کہ مجھے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ایسی شخصیات کی محبت اور عقیدت نصیب ہوئی، جو اپنی اپنی فیلڈ میں نایاب اور بے مثل ہیں۔

اس تعلق کی دو بنیادیں ہیں، دو چراغِ محبت جنہوں نے میری راہوں کو منور کیا: ایک میرے استادِ محترم، پرنم آلہ آبادی مرحوم، اور دوسرے میرے برادرِ عزیز، وارث نہاری کے وارث، محترم وارث بھائی۔ انہی دونوں عظیم شخصیات کے وسیلے سے میری ملاقات ان قدر دانِ علم و فن ہستیوں سے ہوئی، جنہوں نے میری زندگی کو وقار بخشا۔

انہی گراں قدر شخصیات میں ایک نام محترم جناب بلال یاسین صاحب کا بھی ہے، جو معروف مسلم لیگی رہنما ہیں اور مجھے دل و جان سے عزیز ہیں۔ ایک بار وہ وارث نہاری کی محفل میں رونق افروز ہوئے، تو خاکسار کی ان سے پہلی ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ میں نے اپنی کتب نہایت محبت اور عقیدت کے ساتھ ان کی خدمت میں پیش کیں۔ ان کی شفقت، محبت اور گرمجوشی سے ایسا متاثر ہوا کہ وہ لمحہ آج بھی میرے دل میں تر و تازہ ہے اور اس مضمون کے ذریعے میں اس جذبہ ? احسان مندی کا اظہار لازم سمجھتا ہوں۔

اس پہلی ملاقات کے بعد جب بھی جناب بلال یاسین سے روبرو ہونے کا موقع ملا، انہوں نے خاکسار پر وہ عزت اور شفقت نچھاور کی جسے الفاظ میں بیان کرنا میرے لیے دشوار ہے۔ یہ محبت اور کرم نوازی میرے لیے سرمایہ ? افتخار ہے، اور میں دعا گو ہوں کہ یہ سلسلہ ? عقیدت اسی طرح قائم و دائم رہے۔

پاکستانی سیاست میں اگر وفاداری، قربانی اور استقامت کی کوئی مثال تلاش کی جائے تو بلال یاسین کا نام نمایاں طور پر سامنے آتا ہے۔ ایک ایسے سیاست دان جنہوں نے نہ صرف اپنی محنت اور جدوجہد سے مقام حاصل کیا بلکہ مشکل ترین حالات میں بھی پارٹی اور قیادت کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ لاہور کے سیاسی حلقوں میں پہچانا جانے والا یہ نام آج بھی مسلم لیگ (ن) کا مضبوط ستون ہے۔

بلال یاسین 14 دسمبر 1970 کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق ایک معزز کشمیری خاندان سے ہے، جو عرصہ دراز سے لاہور میں آباد ہے۔ ان کا خاندانی پس منظر علمی اور سماجی اعتبار سے بھرپور ہے۔ سیاست ان کے خاندان میں کوئی نیا میدان نہیں تھا، لیکن بلال یاسین نے اسے اپنی ذاتی لگن اور شوق سے اپنایا۔ انہوں نے اپنی تعلیم لاہور میں مکمل کی، اور کم عمری ہی سے سیاست میں دلچسپی لینا شروع کر دی۔ ان کی ابتدائی زندگی میں جو چیز نمایاں رہی، وہ تھی عوامی مسائل کا شعور اور خدمت کا جذبہ۔

بلال یاسین کی شخصیت کو اگر ایک لفظ میں بیان کیا جائے تو وہ ہے "لوگوں کا آدمی"۔ ان کا طرزِ سیاست عوامی ہے، وہ اپنے حلقے کے لوگوں کے درمیان رہنا پسند کرتے ہیں۔ نرم گفتاری، بردباری اور صبر و تحمل ان کی شخصیت کے نمایاں اوصاف ہیں۔ لاہور کی گلیوں، بازاروں اور محلے داروں میں انہیں نہایت محبت اور عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

کارکنان کے ساتھ ان کا سلوک ہمیشہ دوستانہ اور حوصلہ افزا رہا ہے۔ وہ کارکنوں کو اپنی سیاسی طاقت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھتے ہیں۔ شریف خاندان کے ساتھ ان کی قربت اور وفاداری بھی ان کی شخصیت کا ایک اہم پہلو ہے، جس کا اظہار وہ ہر موقع پر کھلے دل سے کرتے ہیں۔

بلال یاسین کا سیاسی سفر محنت، قربانی اور استقامت کی داستان ہے۔ 2002 کے عام انتخابات میں وہ پہلی بار میدان سیاست میں نمایاں ہوئے۔ اگرچہ اُس وقت انہیں نمایاں کامیابی نہیں ملی، لیکن انہوں نے ہمت نہیں ہاری۔ بالآخر 2008 کے انتخابات میں وہ قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوگئے۔ اس کے بعد ان کی سیاسی کامیابیوں کا سفر مسلسل جاری رہا۔ 2013 میں صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور پنجاب کابینہ میں شامل ہوئے۔ ان کے کام اور کارکردگی کی بدولت انہیں وزیر خوراک پنجاب کا قلمدان سونپا گیا۔

2018 کے عام انتخابات میں انہوں نے ایک بار پھر لاہور کے حلقہ پی پی-150 سے کامیابی حاصل کی، اور 2023 تک صوبائی اسمبلی کے رکن رہے۔

بلال یاسین کا مسلم لیگ (ن) سے تعلق نہایت مضبوط اور دیرینہ ہے۔ وہ پارٹی کے نظریے اور قیادت سے دل و جان سے وابستہ ہیں۔ مشکل سے مشکل وقت میں بھی انہوں نے پارٹی سے وفاداری کا دامن نہیں چھوڑا۔ نواز شریف اور شہباز شریف کے قریبی ساتھیوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ نواز شریف کی جلاوطنی کے دوران بھی بلال یاسین پارٹی کے ساتھ جڑے رہے اور کارکنوں کا حوصلہ بلند کرتے رہے۔

مسلم لیگ (ن) کے کارکن انہیں "وفاداری کی علامت" سمجھتے ہیں، اور قیادت ان پر مکمل اعتماد کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پارٹی نے انہیں ہمیشہ اہم ذمہ داریاں سونپیں، اور وہ ہر بار اپنی کارکردگی سے پارٹی قیادت کا سر فخر سے بلند کرتے رہے۔

بطور وزیر خوراک پنجاب، بلال یاسین نے کئی اہم اقدامات کیے۔ انہوں نے ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائیاں کیں، اور گندم و آٹے کے بحران پر قابو پانے کے لیے عملی حکمت عملی اپنائی۔

مہنگائی کے دباؤ کے باوجود انہوں نے عوام کو ریلیف دینے کی ہر ممکن کوشش کی۔ انہوں نے نہ صرف خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا بلکہ معیار پر بھی سختی سے عمل درآمد کروایا۔

صوبے بھر میں انہوں نے فلور ملز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کیا، اور ذخیرہ اندوزوں کو سزا دلوائی۔ ان کے ان اقدامات کو عوام اور میڈیا میں خوب سراہا گیا۔

بلال یاسین کی وزارت کے دوران خوراک کی فراہمی کا نظام بہتر ہوا، اور وہ بحرانوں کے دوران ایک فعال اور متحرک وزیر کے طور پر سامنے آئے۔

دسمبر 2021 میں بلال یاسین پر قاتلانہ حملہ ہوا، جس نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا۔ احمد پور لمہ کے علاقے میں فائرنگ کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگئے، لیکن ان کا حوصلہ کم نہ ہوا۔ حملے کے بعد ان کا بیان حوصلہ افزا تھا، انہوں نے کہا کہ وہ خوفزدہ نہیں، بلکہ مزید پرعزم ہیں کہ عوام کی خدمت جاری رکھیں گے۔

پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ اس واقعے کے بعد بلال یاسین عوام کے دلوں میں مزید مقبول ہوگئے، اور عوام نے ان سے محبت اور یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا۔

اس حادثے نے انہیں کمزور کرنے کے بجائے مزید مضبوط کردیا، اور انہوں نے سیاسی سرگرمیاں پہلے سے زیادہ جوش و جذبے کے ساتھ جاری رکھیں۔

بلال یاسین آج بھی مسلم لیگ (ن) کے سرگرم رہنما ہیں۔ پارٹی کے اہم اجلاسوں میں ان کی موجودگی اور مشاورت کو اہمیت دی جاتی ہے۔

لاہور کی سیاست میں ان کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے، اور وہ پارٹی کے تنظیمی معاملات میں سرگرم عمل ہیں۔

مسلم لیگ (ن) کے کارکن انہیں "وفاداری کی علامت" سمجھتے ہیں، اور قیادت ان پر مکمل اعتماد کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پارٹی نے انہیں ہمیشہ اہم ذمہ داریاں سونپیں، اور وہ ہر بار اپنی کارکردگی سے پارٹی قیادت کا سر فخر سے بلند کرتے رہے۔

وہ مسلم لیگ (ن) کے مستقبل کے سیاسی نقشے میں ایک کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، اور آنے والے انتخابات میں ان سے بڑی توقعات وابستہ کی جارہی ہیں۔

بلال یاسین نے اپنے حلقہ انتخاب میں کئی ترقیاتی منصوبے مکمل کروائے۔ سڑکوں کی تعمیر، سیوریج کے نظام کی بہتری، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔

عوامی مسائل کے حل کے لیے وہ ہر وقت دستیاب رہتے ہیں۔ عام لوگ انہیں اپنے مسائل کا حل سمجھتے ہیں اور بے جھجک ان تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔

انہوں نے غریب عوام کے لیے راشن کی فراہمی، تعلیم کے فروغ، اور فری میڈیکل کیمپس کے انعقاد جیسے فلاحی کاموں میں بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

بلال یاسین کا یہی طرزِ عمل ہے کہ وہ عوام کے دلوں میں گھر کر گئے ہیں، اور اپنے حلقے کے لوگوں کے لیے "خادمِ لاہور" کے طور پر جانے جاتے ہیں

بلال یاسین کا سیاسی سفر ابھی ختم نہیں ہوا، بلکہ نیا مرحلہ شروع ہونے کو ہے۔ آنے والے عام انتخابات میں وہ نہ صرف اپنے حلقے بلکہ صوبہ بھر میں مسلم لیگ (ن) کے لیے ایک فعال کردار ادا کریں گے۔

کینال معاملے پر کوئی کنفیوژن نہیں!



پاکستان میں ایک طرف پانی کے مسائل بڑھتے جارہے ہیں تو دوسری جانب نہروں کے پانی کی تقسیم پر تنازعات میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، ایک طرف پیپلز پارٹی دریائے سندھ سے نئی نہریں نکالے جانے کے معاملے پر مسلسل تحفظات کا اظہار کررہی ہے تو دوسری جانب چیئرمین بلاول بھٹو نے بھی اعلان کردیا ہے کہ اگر وفاقی حکومت متنازع نہری منصوبہ ختم کرنے کا اعلان نہیں کرتی ہے تو ہم حکومت کی حمایت سے دستبردار ہوجائیں گے، وزیراعظم شہباز شریف اور سربراہ مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف نے اپنی جماعت کو معاملہ بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی ہدایت کی ہے، اس کی روشنی میں رانا ثناءاللہ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ بات چیت اور مشاورت ہی معاملے کا حل ہے، لیکن کیا یہ معاملہ کچھ لے دے کر حل ہوپائے گا؟ اس بارے قبل از وقت کچھ کہنا مشکل دکھائی دیتا ہے۔

اس ملک کی رویت رہی ہے کہ یہاں پر بند کمروں میں منصوبے بنتے ہیں اور بند کمروں میں ہی منظور ہوکر چل پڑتے ہیں، اس پر کم ہی آواز اُٹھائی جاتی ہے، لیکن اگر آواز اُٹھ بھی جائے تو دبا دی جاتی ہے، اس بار بھی ایسا ہی کچھ ہورہا ہے، ایک طرف نہری منصوبے پر آواز اُٹھائی جارہی ہے تو دوسری جانب مذاکرات کے نام پر آواز دبائی جارہی ہے، یہ سب کچھ ملی بھگت سے ہوا ہے اور ملی بھگت سے ہی حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، حکومت نے سندھ حکومت کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، رانا ثناءاللہ کا شرجیل انعام میمن سے رابطہ اس بات کا غماز ہے کہ وفاقی حکومت اس مسئلے کو سنجیدگی سے حل کرنا چاہتی ہے، یہ مذاکرات نہ صرف پانی کے مسئلے کو سلجھانے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں، بلکہ بین الصوبائی اعتماد کی بحالی کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ پانی کی تقسیم کا مسئلہ صرف تکنیکی نہیں ہے بلکہ سیاسی بن چکا ہے، صوبوں کے درمیان اعتماد کی فضا کا فقدان اکثر اوقات تکنیکی معاملات کو بھی سیاست کی نذر کردیتا ہے، بہرحال نہری پانی کی تقسیم ایک حساس اور اہم قومی معاملہ ہے، اس پر سیاست سے بالاتر ہوکر سنجیدہ مکالمہ ہونا چاہیے، حکومت کی جانب سے مذاکرات کا عندیہ ایک مثبت پیشرفت ہے، اگر یہ عمل خلوص نیت سے جاری رہتا ہے تو نہ صرف موجودہ کشیدگی کم ہوسکتی ہے، بلکہ مستقبل میں بھی ایسی شکایات کا ازالہ کیا جاسکتا ہے، جو کہ تنازعات کا باعث بن سکتی ہیں، اس وقت پانی صرف ایک قدرتی وسیلہ نہیں ہے، بلکہ قومی اتحاد، زرعی خود کفالت اور اقتصادی خوشحالی کا ضامن ہے، اگر اس کے منصفانہ اور شفاف استعمال کو یقینی بنایا جاسکے تو پاکستان پائیدار اور خوشحال مستقبل کی جانب بڑھ سکتا ہے۔

اس نازک موقع پر ملک کسی آبی تنازعات کا متحمل نہیں ہوسکتا ہے، کیونکہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان پہلے ہی دہشت گردی اور بدامنی سے دوچار ہیں، اس دوران سندھ اور پنجاب میں پانی کا تنازع سماجی استحکام کے حصول کو بہت پیچیدہ کرسکتا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ اس معاملے کی حساسیت کو سمجھا جائے اور سندھ حکومت کے ساتھ نہ صرف دیگر اپوزیشن جماعتوں کو بھی مذاکرات میں شامل کیا جائے، بلکہ مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس بھی جلد از جلد بلایا جائے، تاکہ عوامی نمائندوں کو اپنے حلقوں کے خدشات کے اظہار کا منصفانہ موقع دیا جاسکے، سیاسی حلقوں کو بھی آبی مسائل پر سیاست کے بجائے درپیش حقائق کا ادراک کرنا چاہیے، سیاسی قیادت کو چاہیے کہ پانی کے مسئلے پر سر جوڑ کر بیٹھیں اور کسی متفقہ نتیجے تک پہنچنے کی کوشش کریں، اگر نہری منصوبہ قومی مفاد میں ہے تو اسے سیاست کی نظر کرنے کے بجائے گرین پاکستان کیلئے ضرور بنانا چاہئے۔

پاکستان کا نام دنیا کے بہترین نہری نظام کے حامل ممالک میں سرفہرست آتا ہے، لیکن اہل قیادت کی عدم توجہی کے باعث زرعی شعبہ جدید ٹیکنالوجی سے محروم ہے اور رہی سہی کسر موسمی تغیرات اور پانی کی کمی نے پوری کردی ہے، اس ملک کے مفاد کا معاملہ کسی طور مصلحتوں کی نذر نہیں ہونا چاہئے اور اس کا حل باہمی بات چیت میں ہی تلاش کیا جانا چاہئے، لیکن ہمارے ہاں 'مل بیٹھنے' سر جوڑنے یا موسمی اثرات کے تمام حقائق سامنے رکھ کر بات کرنے کی روایت دھول بن کر اڑ چکی ہے، فصلی بٹیروں کی سیاست میں ایسا ہی ہوتا ہے کہ مجمعوں میں آستینیں چڑھا کر ایک دوسرے کو للکاریں اور ہر حل طلب مسئلے کو سیاست کی بھینٹ چڑھا دیں، سندھ نہری منصوبے پر کنفیوژن بڑھ رہی ہے، جبکہ اب تو وہ دریا ہی نہیں رہے ہیں، جو کہ پہلے بہتے تھے اور جو ایک دو بہہ رہے ہیں، انہوں نے بھی ایک دن ان باہمی جھگڑوں کے ہی نظر ہوجانا ہے، اب تو بس دعا ہی کی جاسکتی ہے کہ جو بہہ رہے ہیں، وہی سدا بہتے رہیں اور ان پر نہری منصوبے بغیر کسی کنفیوژن چلتے رہیں۔

تمام کالم نیک نیتی سے شائع کئے جاتے ہیں تاہم کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

"کسان کے آنسو اور گندم کے ریٹ"

پنجاب کی خوبصورت دھرتی میں کسان ملکی معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی مانا جاتا ہے،
پنجاب کی سونہی دھرتی میں سال میں دو فصلیں چاول اور گندم پنجاب کی پہچان رکھتے ہیں اور ہر سال گندم اور چاول کی فصل سے جہاں نہ صرف ملک ترقی کرتا ہے بلکہ یہ کسان ملک میں اناج کی قلت میں بھی کمی کرتے ہیں کھیتوں میں سونے جیسے لہلہاتے گندم کے خوشے آج سیاہ پڑ چکے ہیں۔ کسان کی محنت کی قیمت حکومت نے جو لگائی ہے، وہ اس کے آنسوؤں سے بھی کم ہے۔ ہر بالٹھی گندم کے پیچھے پسینہ، قرض اور امید کی کہانی ہے، مگر سرکار کا اعلان سن کر کسانوں کے ہاتھوں میں نہ تو مٹھی ہے، نہ فصل کی خوشبو . . . بس مایوسی کا دھواں ہے۔ کیا ہماری حکومت کو معلوم ہے کہ گندم کی ہر بالٹھی کتنی بے چینی سمیٹے ہوئے ہے؟ کسان جب بیج بوتا ہے تو وہ قرضے کے ساتھ امید بھی بوتا ہے۔ مگر آج وہی امید اس کے ہاتھ سے پھسل رہی ہے۔ آخر کیوں؟

گندم کی کٹائی کا موسم آیا تو کسانوں کے چہرے پر مسکراہٹ نہیں، بلکہ خوف کے سائے ہیں۔ حکومت نے گندم کا ریٹ 2000 روپے فی من مقرر کیا ہے، جبکہ پیداواری لاگت 4000 روپے سے بھی زیادہ ہے۔ یہ ریاضی کسانوں کو دیوالیہ کرنے پر کیوں تل گئی؟

"علامہ اقبال نے کہا تھا: '* جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی، اس کھیت کے ہر خوشے کو جلا دو آتش میں۔ * آج پاکستانی کسان اسی آگ میں جل رہا ہے۔ گندم کی قیمت کا اعلان اس کے لیے زخم پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔

علامہ اقبال نے کہا تھا: 'جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی، اس کھیت کے ہر خوشے کو جلا دو آتش میں۔ * آج پاکستانی کسان اسی آگ میں جل رہا ہے۔ گندم کی قیمت کا اعلان اس کے لیے زخم پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔

کہتے ہیں: 'جس ملک کا کسان روٹھ جائے، وہاں کی زمینیں بھی بانجھ ہوجاتی ہیں۔ آج پاکستانی کسان کی بے چینی صرف اس کی اپنی نہیں، بلکہ پورے ملک کی فکر بننی چاہیے۔

* * حکومت کو فوری طور پر گندم کی قیمت میں اضافہ کرنا چاہیے، کسانوں کے قرضے معاف کرنے چاہئیں، اور زرعی پالی





آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان

فاطمہ ثنا کپتان مقرر، پاکستان کی 4 کھلاڑی بنگلہ دیش، ویسٹ انڈیز، اسکاٹ لینڈ کی کھلاڑی بھی شامل



لندن (این این آئی) آئی سی سی نے ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ کے اختتام پر ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان کی میزبان میں کھیلے جانے والے آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ کے اختتام کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ٹورنامنٹ کی بہترین ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔

پاکستان کی فاطمہ ثنا کپتان مقرر، چار گرین شرٹس کھلاڑی شامل ہیں۔ آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر ٹیم آف دی ٹورنامنٹ میں پاکستان کے علاوہ بنگلہ دیش، ویسٹ انڈیز اور اسکاٹ لینڈ کی کھلاڑی بھی شامل کی گئی ہیں۔ ٹیم میں سب سے زیادہ پاکستان کی 4 کھلاڑی شامل کی گئیں۔ ان میں فاطمہ ثنا (کپتان) کے علاوہ منیبہ علی، نشرہ سندھو، سعدیہ اقبال شامل ہیں۔

وریندر سہواگ کی آئی پی ایل میں شریک آسٹریلوی کرکٹرز پر تنقید

غیر ملکی کھلاڑی جیت کی لگن نہیں دکھاتے بلکہ یہاں چھٹیاں منانے آتے ہیں، سابق بھارتی اوپنر



ممبئی (آئی این پی) سابق بھارتی اوپنر وریندر سہواگ نے آئی پی ایل میں شریک گلین میکسویل اور لیونگ اسٹون کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ غیر ملکی کھلاڑی اپنی ٹیموں کے لیے آئی پی ایل ٹرافی جیتنے میں وہ لگن نہیں دکھاتے جس کی ان سے توقع رکھی جاتی ہے، وہ یہاں چھٹیاں منانے آتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں وریندر سہواگ نے پنجاب کنگز کے گلین میکسویل اور رائل چیلنجرز بنگلور کے لیام لیونگ اسٹون کو بطور خاص ہدف تنقید بنایا۔ میکسویل، سہواگ کی زیر قیادت بھی پنجاب کنگز میں کھیل چکے ہیں۔ انھیں گزشتہ دن فرنچائز نے رائل چیلنجرز بنگلور سے میچ میں ڈراپ کر دیا تھا۔ اتوار کو لیونگ اسٹون کو بنگلور نے بھی باہر بٹھا دیا۔ سہواگ نے کہا کہ میکسویل اور لیونگ اسٹون میں جیت کی لگن ختم ہو چکی ہے۔

سابق بوائے فرینڈ نے جعلی نازیبا ویڈیو لیک کی، سامعہ حجاب

جلد ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ میں قانونی کارروائی کیلئے شکایت درج کرواؤں گی، ٹک ٹاکر



کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹک ٹاکر سامعہ حجاب نے کہا ہے کہ سابق بوائے فرینڈ نے میری جعلی نازیبا ویڈیو لیک کیا انہوں نے سوشل میڈیا پر مداحوں کیلئے جاری ویڈیو پیغام میں بتایا ہے کہ یہ ویڈیو جعلی اور اے آئی کی مدد سے بنائی گئی ہے۔ سامعہ حجاب نے دعویٰ کیا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ویڈیو سابق بوائے فرینڈ نے لیک کی ہے اور میرے پاس اس بات کے ثبوت بھی موجود ہیں۔ انہوں نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا ہے کہ میں اس ویڈیو کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہوں اور اس سے میرا کوئی تعلق نہیں، ویڈیو دیکھ کر بھی معلوم ہو رہا ہے کہ یہ خاتون میں نہیں ہوں، مجھے میرے مداح بھی کہہ رہے ہیں کہ کسی نے آپ کی اے آئی سے بنائی گئی ویڈیو لیک کی ہے۔ سامعہ حجاب نے کہا کہ میں اپنے تمام مداحوں سے گزارش کرتی ہوں کہ اس جھوٹی اور بے بنیاد ویڈیو پر یقین نہ کریں، میں جلد ہی ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ میں قانونی کارروائی کیلئے شکایت درج کرواؤں گی۔

انجلینا جولی نے بھی فلسطینیوں کے حق میں پوسٹ شیئر کر دی

غزہ فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والی کی اجتماعی قبر بن چکا ہے، عالمی شہرت یافتہ اداکارہ



نیویارک (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ ہالی وڈ اداکارہ انجلینا جولی نے بھی سوشل میڈیا پر فلسطینیوں کے حق میں پوسٹ شیئر کر دی۔ انجلینا جولی نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر ڈاکٹرز وداؤٹ بارڈرز کی پوسٹ شیئر کی جس میں کہا گیا تھا کہ غزہ فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والی کی اجتماعی قبر بن چکا ہے۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا کہ اسرائیلی افواج کی جانب سے غزہ کی پٹی پر فضائی، زمینی اور بحری حملوں میں شدت آگئی ہے اور نہ صرف فلسطینی عوام کو جبری طور پر بے گھر کیا جا رہا ہے بلکہ امداد کو بھی جان بوجھ کر روکا جا رہا ہے، اس طرح فلسطینیوں کی زندگیاں ایک بار پھر منظم طریقے سے تباہ کی جا رہی ہیں (یو این او ایچ سی آر) کی 20 سال تک خیر سگالی کی سفیر اور نمائندہ خصوصی رہی ہیں اور ماضی میں بھی غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کے خلاف آواز اٹھاتی رہی ہیں۔

کراچی کی پچ ٹی ٹوئنٹی کیلئے اتنی سازگار نہیں تھی، اسسٹنٹ کوچ کراچی کنگز

کراچی (این این آئی) کراچی کنگز کے اسسٹنٹ کوچ محمد مسرور نے کہا ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف آج کراچی کی وکٹ ٹی 20 کیلئے اتنی سازگار نہیں تھی۔ میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسسٹنٹ کوچ محمد مسرور نے کہا کہ اگر لیفٹ ہینڈر ہوتے تو نئی سے جلدی بولنگ کراتے، پچ اسپنرز کے ساتھ فاسٹ بولرز کو بھی سپورٹ کر رہی تھی ہم توقع کر رہے تھے باؤنس ملے گا لیکن ٹی ٹوئنٹی کے حساب سے پچ سازگار نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اوورسیز پلیئرز اچھا کھیل رہے ہیں میچز مزید اچھی ہو جائیں تو اوورسیز پلیئرز کو مدد ملے گی یہ وہ وکٹ ہے جس پر آسٹریلین مٹی استعمال ہوئی ہے ایسی پچ کو ریڈ کرنا تھوڑا مشکل ہوتا ہے۔

سب بتاؤں گا فکسنگ کیسے ہوتی تھی؟ راشد لطیف کا کتاب لکھنے کا اعلان

یہ بھی بتاؤں گا کہ صدارتی معافی نامے کی درخواست کس سابق کپتان نے جمع کروائی تھی؟ انٹرویو



کراچی (این این آئی) سابق کپتان کرکٹ ٹیم راشد لطیف نے پاکستان کرکٹ میں میچ فکسنگ کے راز فاش کرنے کی دھمکی دے دی۔ راشد لطیف نے کہا کہ کتاب لکھنا شروع کر دی ہے، 90 کی دہائی میں کرکٹ میچ فکسنگ کا عروج تھا۔ راشد لطیف نے اپنی کتاب میں بڑے انکشافات کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سب بتاؤں گا فکسنگ کیسے ہوتی تھی؟ کون کرتا تھا؟ ان کا کہنا تھا کہ 90 کے دور کی کرکٹ میں کیا کیا ہوتا رہا؟ یہ بھی بتاؤں گا اور یہ بھی بتاؤں گا کہ صدارتی معافی نامے کی درخواست کس سابق کپتان نے جمع کروائی تھی؟

میرا ہدف پاکستان کیلئے دوبارہ اور طویل مدت تک کھیلنا ہے، صاحبزادہ فرحان



کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم میں شامل صاحبزادہ فرحان کا کہنا ہے کہ میرا ہدف پاکستان کے لیے دوبارہ اور طویل مدت کے لیے کھیلنا ہے۔ ایک انٹرویو میں صاحبزادہ فرحان کا کہنا تھا کہ جب بھی موقع ملے لانگ ٹرم کھیلنا ہے، یہ نہیں کہ ایک دو میچز کھیلوں باہر ہو جاؤں، پاکستان میں اوپنرز میں کافی مقابلہ ہے، مناسب چانس ملنا ضروری ہے، انٹرنیشنل کرکٹ میں کافی پریشر ہوتا ہے، دو تین میچز میں کسی پلیئر کو جج نہیں کر سکتے۔

ڈیوڈ وارنر پی ایس ایل 10 ٹرافی جیتنے کیلئے پرعزم

کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ میچز جیت کر فائنل میں پہنچیں اور پھر فائنل جیت کر ٹرافی بھی جیتیں



کراچی (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ کی مقبول ترین ٹیم کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر نے رواں پی ایس ایل 10 کی ٹرافی جیتنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان سپر لیگ 10 کے سنسنی خیز مقابلے جاری ہیں اور لیگ کی مقبول ترین ٹیم کراچی کنگز دو میچز جیت کر ایونٹ جیتنے کیلئے فیورٹس ٹیم میں شمار کی جا رہی ہے۔ کراچی کنگز کے کپتان عالمی شہرت یافتہ کرکٹر ڈیوڈ وارنر بھی پی ایس ایل 10 کی ٹرافی اٹھانے کے لیے پر عزم ہیں کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ میچز جیت کر فائنل میں پہنچیں اور پھر فائنل جیت کر ٹرافی بھی جیتیں۔ ڈیوڈ وارنر نے کہا کہ میری کوشش ہوتی ہے کہ گراؤنڈ میں اچھی کارکردگی دکھا کر وہ کھلاڑیوں بنوں جس سے ٹیم کے دوسرے کھلاڑیوں کو اعتماد ملے۔ انہوں نے کرکٹ شائقین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ فینز اسٹیڈیم آئیں

اسٹیڈیم سے نام ہٹانے کا معاملہ، محمد اظہر الدین بھڑک اُٹھے

حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن محمد اظہر الدین کا نام ہٹانے کا فیصلہ کرلیا، رپورٹس



حیدرآباد (سپورٹس ڈیسک) حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن (ایچ سی اے) نے سابق بھارتی کپتان محمد اظہر الدین کا نام اسٹینڈ سے ہٹانے کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق بھارتی کپتان محمد اظہر الدین کے نام کو اپال اسٹیڈیم کے نارتھ اسٹینڈ سے ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، یہ اقدام لارڈز کرکٹ کلب کی جانب سے دائر کی گئی شکایت کے بعد کیا گیا، جس میں 'مفاد کے تصادم' کا الزام لگایا گیا تھا۔ اظہر الدین اسٹینڈ کا نام اپال اسٹیڈیم کے نارتھ اسٹینڈ میں 2019 میں وی وی ایس لکشمن سے بدلا گیا تھا۔ یہ اقدام اسوقت اُٹھایا گیا تھا

شادی کی سالگرہ پر ایشوریا کی نئی پوسٹ، طلاق کی افواہیں دم توڑ گئیں

بالی ووڈ انڈسٹری کی یہ خوبصورت جوڑی اکثر اوقات ہی علیحدگی اور طلاق جیسی خبروں میں گھری رہتی ہے



ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی خوبرو سپر اسٹار، اداکارہ و کاروباری شخصیت ایشوریا رائے نے اپنی شادی کی 18 ویں سالگرہ کے موقع پر شوہر ابھیشیک بچن کے ساتھ خوبصورت فیملی فوٹو شیئر کیا ہے جس میں ان کی بیٹی آرادھیا بھی ہیں۔ بالی ووڈ انڈسٹری کی یہ خوبصورت جوڑی اکثر اوقات ہی علیحدگی اور طلاق جیسی خبروں میں گھری رہتی ہے، ایشوریا رائے کی نئی پوسٹ نے ان تمام خبروں کو جھوٹا ثابت کر دیا۔ ایشوریا رائے بچن اور ابھیشیک بچن جو بالی ووڈ کے سب سے باوقار جوڑوں میں سے ایک ہیں، نے 20 اپریل 2025 کو اپنی شادی کی 18 ویں سالگرہ منائی۔ 2007 میں شادی کرنے والے جوڑے نے اپنی بیٹی آرادھیا بچن کے ساتھ ایک دل کو چھو لینے والی فیملی تصویر شیئر کر کے اپنے مداحوں کو خوبصورت تحفہ دیا ہے۔

رانی مکھرجی کی فلم مردانی 3 کی ریلیز کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا

مردانی 3 انتہائی سنسنی خیز، خطرناک اور بھرپور ایکشن سے سجی فلم ہوگی، اداکارہ



ممبئی (نیٹ نیوز) رانی مکھرجی کی فلم مردانی 3 کی ریلیز کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ ہالی ووڈ کی نامور اداکارہ رانی مکھرجی ایک بار پھر سخت گیر پولیس افسر شیوانی شیواجی راکے روپ میں بڑی اسکرین پر جلوہ گر ہونے والی ہیں۔ یش راج فلمز نے رانی مکھرجی کی کرائم ایکشن تھرلر فلم مردانی 3 کی ریلیز کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے، جو ہولی کے تہوار پر 27 فروری 2026 کو سنیما گھروں کی زینت بنے گی۔ انسٹاگرام پر فلم کے پوسٹرز شیئر کرتے ہوئے یش راج فلمز نے لکھا ہے کہ گنتی شروع ہو چکی ہے، مردانی 3 آنے والی ہے۔ فلم کے ایک اور پوسٹر میں ہدایت کار ابھیراج منوالا اور پروڈیوسر آدیتیہ چوپڑا کے نام بھی نمایاں کیے گئے ہیں۔ رانی مکھرجی نے اس حوالے سے کہا ہے کہ مردانی 3 ایک انتہائی سنسنی خیز، خطرناک اور بھرپور ایکشن سے سجی فلم ہوگی

''ابیر گلال'' 9 مئی کو سنیما گھروں میں نمائش کیلئے پیش کی جائیگی

فواد خان پر کشش شخصیت اور فلموں کیلئے ہی پیدا ہوئے ہیں، وانی کپور



ممبئی (این این آئی) نمائش کی منتظر ہالی ووڈ رومانٹک فلم ''ابیر گلال'' میں مرکزی کردار ادا کرنے والی وانی کپور نے فواد خان کی تعریفوں کے پل باندھ دیے۔ فلم کی تشہیر کے دوران ریڈ ایف ایم انڈیا کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں وانی کپور نے فواد خان کو نا صرف خوبصورت بلکہ انتہائی پرکشش شخصیت قرار دیا، انہوں نے کہا کہ انہیں لگتا ہے کہ فواد خان جیسے فنکار فلمی دنیا کے لئے ہی پیدا ہوئے ہیں۔ وانی کپور کا کہنا تھا کہ حال ہی میں انہوں نے فواد خان کے ساتھ فلم کی شوٹنگ مکمل کی ہے اور اس تجربے نے انہیں بے حد متاثر کیا۔

انڈسٹری میں اپنا وجود برقرار رکھنا مشکل ہوتا ہے، ڈینو موریا



بنگلور (این این آئی) بالی ووڈ اداکار ڈینو موریا نے انٹرٹینمنٹ انڈسٹری کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انڈسٹری میں اپنے وجود کو برقرار رکھنا اور موجودگی کا احساس دلانا بہت مشکل ہوتا ہے۔ معروف بھارتی میڈیا ادارے سے بات چیت کے دوران بنگلور سے تعلق رکھنے والے 50 سالہ ڈینو کا کہنا تھا کہ میں لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں بڑے کردار کی تلاش میں ہوں۔ ڈینو موریا جن کے والد اطالوی اور والدہ کیرالہ (بھارت) سے تعلق رکھتی ہیں، نے کہا کہ انکا یہ یقین ہے کہ ایک وقت آئے گا

جانتا ہوں لوگ مجھے مغرور کہتے ہیں، علی رضاء



کراچی (این این آئی) نوجوان اداکار علی رضا نے کہا ہے مجھے معلوم ہے کہ لوگ میرے بارے میں کہتے ہیں کہ میں بہت مغرور ہوں۔ نجی میگزین کو انٹرویو دیتے ہوئے علی رضا نے اپنے ڈرامے سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر بات کی۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میرا ایک مسئلہ ہے بلکہ یہ میرے لیے اچھا ہے کیوں کہ جب بھی میں کوئی پروجیکٹ سائن کرتا ہوں تو اپنے اندر کی آواز سنتا ہوں، اگر مجھے محسوس ہوگا کہ فلاں چیز میرے لیے اچھی ہے تو میں اسے ضرور کروں گا

خوبصورتی قابل تعریف، خوب سیرت ہونا اس سے بڑھ کر ہے، فواد خان



دبئی (نیٹ نیوز) پاکستانی سپر سٹار فواد خان نے کہا ہے کہ خوبصورتی قابل تعریف مگر خوب سیرت ہونا اس سے بڑھ کر ہے، ہالی ووڈ فلم عبیر گلال کے میوزک لانچ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فواد خان نے کہا کہ میری خوبصورتی کی تعریف کرنا خوش آئند ہے، لیکن میں چاہتا ہوں کہ ناظرین ڈائیلاگ، اداکاری اور کہانی پر بھی توجہ دیں۔

کلیسپی نے کنٹریکٹ کی خلاف ورزی کی، رقم ان کی طرف نکلتی ہے، پی سی بی



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سابق ریڈ بال ٹیم کوچ جیسن کلیسپی کی جانب سے بقایا جات کی عدم ادائیگی کے الزامات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ جیسن کلیسپی خود چھوڑ کر گئے، انہیں 4 ماہ کی تنخواہ کے برابر رقم بورڈ کو ادا کرنی ہے۔ پی سی بی کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سابق کوچ جیسن کلیسپی نے سیٹلمنٹ کیلئے خط لکھا تھا جس پر انہیں کنٹریکٹ کی خلاف ورزی اور بقایا جات کا بتا دیا گیا تھا۔ پی سی بی نے کہا کہ جیسن کلیسپی خود چھوڑ گئے

پی ایس ایل جیسی پرفارمنس انٹرنیشنل میں نہیں کر پا رہا، شاداب

پورا سال نیشنل ٹیم کے لیے اچھا نہیں رہا، اُمید ہے پلیئرز فارم لے کر آگے بڑھیں گے، میڈیا سے گفتگو



کراچی (این این آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل جیسی پرفارمنس انٹرنیشنل میں نہیں کر پا رہا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں کافی محنت اور غلطیوں کو کم کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ شاداب خان کا کہنا ہے کہ ہمارا دورہ نیوزی لینڈ اتنا اچھا نہیں رہا تھا، ہم ناکامی میں پلیئرز کا ساتھ دیتے ہیں، جب آپ پلیئر کو سپورٹ کریں گے تو وہ پرفارم کرے گا۔

ڈی آئی خان: ڈیرہ جات جیپ ریلی نادر مگسی نے جیت لی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈی آئی خان میں ہونے والی ڈیرہ جات جیپ ریلی نادر مگسی نے جیت لی۔ 3 روزہ ڈیرہ جات جیپ ریلی دلچسپ مقابلے کے بعد اختتام کو پہنچ گئی، ریلی میں پریمیئر ڈ 'اے' کیٹیگری میں نادر مگسی کی پہلی پوزیشن رہی۔ نادر مگسی نے 69 کلومیٹر کا فاصلہ 44 منٹ 18 سیکنڈ میں مکمل کیا، پریمیئر ڈ 'بی' کیٹیگری میں گوہر خان کی پہلی پوزیشن رہی، پریمیئر ڈ 'سی' کیٹیگری میں دیوار مزاری کی پہلی پوزیشن اور پریمیئر ڈ 'ڈی' کیٹیگری میں شکیل احمد کی پہلی پوزیشن رہی۔





وسطی غزہ میں نوصیرات پناہ گزین کیمپ میں ایک مفت خوراک کی تقسیم کے مقام پر فلسطینی بچوں کے کھانے کے لیے قطار میں کھڑے ایک لڑکی خوراک حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے (ایاد بابا/اے ایف پی)

برطانوی حکومت غیر قانونی مہاجرین کا راستہ روکنے میں بری طرح ناکام

لندن (این این آئی) برطانوی حکومت تمام تر اقدامات اور تنازع قوانین متعارف کرانے کے باوجود غیر قانونی مہاجرین کا راستہ روکنے میں بری طرح ناکام ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انگلش چینل عبور کرنیکی تازہ ترین کوشش کے دوران 12 کشتیوں پر 705 غیر قانونی مہاجرین نے ایک ہی روز برطانیہ میں داخل ہو کر نیا ریکارڈ قائم کر دیا۔ چھوٹی کشتیوں کے ذریعے رواں سال برطانیہ میں داخل ہونیوالوں کی تعداد تقریباً 9 ہزار کے قریب پہنچ چکی ہے۔ برطانوی ذرائع ابلاغ کے مطابق یہ ایک ہی روز میں سب سے بڑی تعداد ہے جس نے غیر قانونی طور پر برطانیہ میں پناہ لی ہے۔ 12 کشتیوں پر 705 غیر قانونی مہاجرین نے ایک ہی روز برطانیہ میں داخل ہو کر نیا ریکارڈ قائم کر دیا

سان پیڈرو، کیلیفورنیا میں لاس اینجلس کی بندرگاہ پر بحری جہازوں پر سے کرینوں کے ذریعے کارگو کنٹینرز اتارے جا رہے ہیں (پیٹرک ٹی فالن/اے ایف پی)

جیکولین کی ایلون مسک کی والدہ کے ہمراہ مندر میں حاضری

کتاب خواتین کی حوصلہ افزائی اور ثابت قدمی کی علامت ہے، ہالی ووڈ اداکارہ



ممبئی (این این آئی) جیکولین فرنینڈس نے ایلون مسک کی والدہ مائے مسک کے ہمراہ سدھی ونایک مندر میں حاضری دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہالی ووڈ اداکارہ جیکولین فرنینڈس نے ایسٹر کے موقع پر ممبئی کے مشہور سدھی ونایک مندر کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کے ہمراہ دنیا کی معروف کاروباری شخصیت ایلون مسک کی والدہ مائے مسک بھی موجود تھیں۔ سوشل میڈیا پر دونوں کی مندر میں حاضری کی تصاویر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔

کترینہ کیف نے وکی کوشل کے نام کا ٹیٹو بنوالیا، صارفین کے دلچسپ تبصرے



ممبئی (نیٹ نیوز) بھارتی کترینہ کیف کے بازو پر مہندی سے بنے ٹیٹو نے صارفین کی توجہ اپنی جانب مبذول کروا لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ کترینہ کیف نے حال ہی میں اپنی قریبی دوست کرشمہ کوہلی کی شادی میں شرکت کی۔ اس موقع پر ان کی جانب سے اپنائے گئے حسین اسٹائل اور خوبصورت بناؤ سنگھار نے انٹرنیٹ صارفین کے دل جیت لیے۔

بھارت، چلتی کار میں 2 بہنوں سے جنسی زیادتی کی کوشش، مزاحمت پر مہندی آرٹسٹ قتل

مہندی آرٹسٹ کی گردن میں چھرا گھونپا گیا جبکہ اس نے چلتی کار میں جنسی زیادتی کی کوشش کے دوران مزاحمت کی، رپورٹ

لکھنو (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے شہر لکھنو میں 26 سالہ بیوٹیشن کو مبینہ طور پر اس وقت قتل کر دیا گیا جب وہ شادی سے واپس آ رہی تھی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق لڑکی کی گردن میں چھرا گھونپا گیا جب کہ اس نے چلتی کار میں جنسی زیادتی کی کوشش کے دوران مزاحمت کی۔ رپورٹ کے مطابق تین افراد پر خاتون کے ساتھ جنسی زیادتی کا الزام عائد کیا گیا ہے، ملزمان میں سے 2 کو گرفتار کر لیا گیا جب کہ تیسرا تاحال لاپتا ہے۔ رپورٹ کے مطبق سدھانشو نامی شخص نے مہندی آرٹسٹ کو شادی میں مدعو کیا تھا، اس نے خاتون کو لانے کے لیے کار بھیجی تھی۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ خاتون اور اس کی بہن کو تین آدمیوں نے کار میں بٹھایا اور انہیں سیدھے شادی کے مقام پر لے گئے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ملزمان بہنوں کو ان کے گھر واپس چھوڑنے جا رہے تھے، تینوں افراد نے مبینہ طور پر دونوں خواتین کے ساتھ جنسی زیادتی کی کوشش کی۔ متاثرہ لڑکی نے بتایا کہ جب اس کی بہن نے مزاحمت کی تو ایک شخص نے "اس کی گردن میں چھرا گھونپا، زندہ بچ جانے والی خاتون نے بتایا کہ اس دوران کار ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی جس کے بعد دونوں خواتین پھنس گئیں۔ جب تک مقامی لوگ مدد کے لیے آئے تب تک تینوں افراد فرار ہو چکے تھے۔ بہن نے الزام لگایا کہ ملزمان نے پولیس کو واقعے کی اطلاع دینے پر اسے اور اس کے اہل خانہ کو جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ مقتولہ بیوٹیشن کے شوہر نے پولیس میں شکایت درج کرائی، قتل کا مقدمہ درج کر لیا گیا، لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا، مقتولہ کا 3 سالہ بیٹا ہے۔ پولیس نے 2 افراد کو گرفتار کر لیا جب کہ تیسرے ملزم کی تلاش جاری ہے۔ مہندی آرٹسٹ کی گردن میں چھرا گھونپا گیا جبکہ اس نے چلتی کار میں جنسی زیادتی کی کوشش کے دوران مزاحمت کی، رپورٹ

امریکی نائب صدر کے بچے کرتا پاجامہ اور انارکلی فراک میں ملبوس بھارت پہنچ گئے

واشنگٹن (این این آئی) کرتا پاجامہ اور انارکلی فراک میں ملبوس امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کے بچے بھی والدین کے ہمراہ بھارت پہنچے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس اپنی بھارتی نژاد اہلیہ اوشا اور 3 بچوں کے ہمراہ بھارت کے دورے پر دہلی پہنچے، پالم ٹیکنیکل ایئرپورٹ پر یونین وزیر اشونی ویشنو نے ان کا استقبال کیا۔ دورہ بھارت کے دوران وینس کے دونوں بیٹے کرتا پاجامہ جبکہ بیٹی انارکلی سوٹ میں ملبوس تھی، جو بھارتی ثقافت سے جڑے ان کے احترام اور محبت کا خوبصورت اظہار تھا۔ ان کے بڑے بیٹے ایوان نے ہلکے نیلے رنگ کا خوبصورت کرتا زیب تن کیا تھا، طیارے سے اترنے کے بعد ایوان نے رن وے پر اپنے والد سے بغل گیر ہو کر خوشی کا اظہار کیا، اس کے بعد ان کے چھوٹے بھائی ویوک جوزر (دو) پیلا کرتا پہنے ہوئے تھے، طیارے سے نیچے اترے اور اپنے بھائی سے گلے ملے۔ چھوٹی سی میرابیل جو صرف 3 سال کی ہیں، عملے کے ایک رکن کے ہمراہ سیڑھیاں اترتی ہوئی نظر آئیں، جے ڈی وینس نے بیٹی کو گود میں اٹھا کر شفقت کا اظہار کیا۔ جے ڈی وینس کا یہ دورہ بھارت اور امریکا کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلقات کا مظہر ہے، بھارتی ثقافت کا احترام کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ کی روایتی بھارتی لباس میں آمد نے عوام اور میڈیا دونوں کے دل جیت لیے ہیں۔

کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس 88 سال کی عمر میں چل بسے

نمونیا کے باعث 5 ہفتے اسپتال میں گزارنے کے بعد پوپ فرانسس کا انتقال، عالمی رہنماؤں کا اظہار افسوس



ویٹی کن سٹی (این این آئی) کیتھولک مسیحی برادری کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس خورجے ماریو برگولیو 88 سال کی عمر میں چل بسے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس حوالے سے ویٹی کن سٹی نے اعلامیہ جاری کر دیا۔ پوپ فرانسس رومن کیتھولک چرچ کے پہلے لاطینی امریکی رہنما تھے، وہ طویل بیماری کے بعد چند روز قبل ہی صحت یاب ہو کر اسپتال سے ڈسچارج ہوئے تھے۔ 88 سالہ پوپ فرانسس کو 14 فروری کو سانس کی شدید تکلیف کے باعث اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔ نمونیا کے باعث 5 ہفتے اسپتال میں گزارنے کے بعد پوپ فرانسس گزشتہ ماہ ویٹی کن سٹی لوٹے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پوپ فرانسس نے اتوار کو ایسٹر کے موقع پر لوگوں سے ملاقاتیں بھی کی تھیں اور غزہ میں جنگ بندی کا مطالبہ کیا تھا۔ پوپ فرانسس کا اصل نام خورجے ماریو برگولیو ہے۔ وہ 17 دسمبر 1936 کو ارجنٹینا کے شہر بیونس آئرس میں پیدا ہوئے تھے اور 2013 میں رومن کیتھولک چرچ کے سربراہ بنے تھے۔ پوپ فرانسس اس سے پہلے ارجنٹینا کے دارالحکومت بیونس آئرس کے آرچ بشپ تھے۔

ہالی وڈ اداکارہ انجلینا جولی کا فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی

سوشل میڈیا پوسٹ میں فلسطینیوں کے ساتھ ساتھ ان کی مدد کرنے والوں کی مشکلات اجاگر کی گئی ہیں، غیر ملکی میڈیا

غزہ (این این آئی) ہالی وڈ کی مشہور اداکارہ انجلینا جولی بھی غزہ میں ہونے والے اسرائیلی مظالم پر چپ نہ رہ سکیں اور مظلوم فلسطینیوں کے حق میں سوشل میڈیا میں آواز بلند کی ہے۔ انجلینا جولی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ڈاکٹرز وداؤٹ بارڈرز کی پوسٹ کو شیئر کیا ہے، جس میں فلسطین کی سنگین صورت حال نمایاں کی گئی ہے۔ ہالی وڈ اداکارہ کی جانب سے شیئر کی گئی پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ غزہ فلسطینیوں اور جوان کی مدد کر رہے ہیں ان کے لیے ایک بدترین قبرستان بن دیا ہے۔ ڈاکٹرز وداؤٹ بارڈرز نے سوشل میڈیا میں لکھا کہ اسرائیلی فورسز کی جانب سے غزہ کی پٹی میں فضائی، زمینی اور سمندری راستوں سے جارحیت دوبارہ شروع کی گئی ہے اور اس میں مزید وسعت لائی گئی، اس وقت سے لوگوں کو جبری بے دخل کرنا اور جان بوجھ کر بنیادی امداد روکی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں فلسطینیوں کے ساتھ ساتھ ان کی مدد کرنے والوں کی مشکلات اجاگر کی گئی ہیں، غیر ملکی میڈیا ڈاکٹرز وداؤٹ بارڈرز نے سوشل میڈیا میں لکھا کہ اسرائیلی فورسز کی جانب سے غزہ کی پٹی میں فضائی، زمینی اور سمندری راستوں سے جارحیت دوبارہ شروع کی گئی ہے



سعودی عرب، منشیات اسمگلنگ کے الزام میں دو افراد گرفتار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ریاض ریجن پولیس کا کہنا ہے کہ اسپیشل فورس نے دو شہریوں کو گرفتار کیا ہے جن کے قبض

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی ڈائریکٹر گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائر ہو گئے

انکے اعزاز میں پیشگی شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، پروفیسر راشد، پروفیسر وسیم نور، عصمت بھٹی اور سٹینو گرافر رانا طارق عزیز نے شرکت کی



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) ڈپٹی ڈائریکٹر گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان سپیشل ایجوکیشن سنٹر سول لائنز گوجرانوالہ طارق نزیر اپنی مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائر ہو گئے۔ انکے اعزاز میں پیشگی شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، پروفیسر راشد، پروفیسر وسیم نور، عصمت بھٹی اور سٹینو گرافر رانا طارق عزیز نے شرکت کی گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان سپیشل ایجوکیشن سنٹر سول لائنز کے معلمین، منتظمین و معاونین کی جانب سے پیشگی شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں پنجاب بھر سے حاضر سروس و ریٹائرڈ معلمین و افسران سپیشل ایجوکیشن پنجاب نے شرکت کی۔ ماہرین سپیشل ایجوکیشن و دیگر مقررین نے کہا کہ طارق نزیر نے ہر حیثیت میں شفافیت اور دیانتداری سے سپیشل بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ علم وتعلیم ایک نور اور اور روشنی ہے جس سے جہالت کے تاریک دشت کو اپنی کرنوں سے بقعہ نور بنا دیا ہے اور تخلیق کائنات کے بعد تخلیق آدم علیہ السلام سے علم کا سلسلہ جاری ہے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے مقابلے میں حضرت آدم علیہ السلام کو علم عطا کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر طارق نزیر نے کہا کہ سپیشل بچوں کی تعلیم وتربیت اور بحالی کے لیے کام کرنا میرے لئے اعزاز اور سعادت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سنٹر کی گھوسٹ بلڈنگ کی تزئین وارائش کا کام خدمت کے جذبہ سے سرشار ہو کر کروایا اور کچھ نئے کمرے بھی تعمیر کروا کر ذہنی معذور بچوں کو اس خوبصورت عمارت میں شفٹ کیا۔

تحصیلوں میں پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسائز کا اہتمام کیا گیا

فلڈ فائیٹنگ آلات کی ایمرجنسیز اور فعالیت کے حوالے سے بھی تفصیلی معائینہ کیا گیا



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پراونشل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی ہدائت پر ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب/ چیئرپرسن ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی محمد سلیم اختر راؤ کی زیر نگرانی ADCR کی طرف سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق سنٹرل اسٹیشن ریسکیو 1122 نکانہ صاحب اور دیگر تحصیلوں میں پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسائز کا اہتمام کیا گیا جس میں فلڈ فائیٹنگ آلات کی ایمرجنسیز اور فعالیت کے حوالے سے تفصیلی معائینہ کیا گیا۔ سیکرٹری ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نکانہ صاحب محمد اکرم پنوار نے سنٹرل اسٹیشن اور اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شاہ کوٹ شاہ شرافت علی نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کی تیاریوں، فلڈ فائیٹنگ آلات کی ایمرجنسیز اور فعالیت کو کی تشخیص قرار دیا اور متعلقہ ضلعی اداروں کے ساتھ کوارڈینیشن کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔

چیئرپرسن ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی محمد سلیم اختر راؤ کی زیر نگرانی ADCR کی طرف سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق سنٹرل اسٹیشن ریسکیو 1122 نکانہ صاحب اور دیگر تحصیلوں میں پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسائز کا اہتمام کیا گیا جس میں فلڈ فائیٹنگ آلات کی ایمرجنسیز اور فعالیت کے حوالے سے تفصیلی معائینہ کیا گیا۔ سیکرٹری ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نکانہ صاحب محمد اکرم پنوار نے سنٹرل اسٹیشن اور اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شاہ کوٹ شاہ شرافت علی نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کی تیاریوں، فلڈ فائیٹنگ آلات کی ایمرجنسیز اور فعالیت کو کی تشخیص قرار دیا اور متعلقہ ضلعی اداروں کے ساتھ کوارڈینیشن کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا

ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر چکوال راجہ محمد سرفراز نے چارج سنبھال لیا، ٹریفک نظام کی بہتری کے عزم کا اظہار

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چکوال میں تعینات ہونے والے نئے ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر (ڈی ٹی او) راجہ محمد سرفراز نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے اور باقاعدہ طور پر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ ان کی چکوال آمد پر ٹریفک پولیس چکوال نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ڈی ٹی او راجہ محمد سرفراز نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے دی جانے والی سہولیات کو عام آدمی تک پہنچانا میری ذمہ داری میں شامل ہے، چکوال میں ٹریفک کے مسائل کے حل اور نظام کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سہولیات فراہم کرنا اور قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ان کی اولین ترجیح ہوگی۔

ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے سب انسپکٹر ملک نوید اقبال کو ایس ایچ او تھانہ نارنگ تعینات کر دیا

جرائم پیشہ افراد سے علاقہ نارنگ پاک کرنا میرا مشن ہے: نومنتخب ایس ایچ او



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے سب انسپکٹر ملک نوید اقبال کو ایس ایچ او تھانہ نارنگ تعینات کر دیا نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او ملک نوید اقبال کا گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا جرائم پیشہ افراد سے علاقہ نارنگ پاک کرنا میرا مشن ہے معززین علاقہ میڈیا نمائندگان سماجی فلاحی تنظیموں کے تعاون سے علاقہ کو امن کا گہوارہ بناؤں گا منشیات فروشی کسی صورت قابل قبول نہیں نوجوان نسل کو تباہ کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں تھانہ نارنگ میں شرفاء کا عزت واحترام برقرار رکھا جائے گا پولیس عوام کی خدمت کے لئے ہمہ وقت حاضر ہے جرائم پیشہ افراد اپنا بوریا بستر گول کر لیں علاقہ نارنگ کی عوام اپنے مسائل کے لئے براہ راست تشریف لائیں کسی سفارش کی ضرورت نہیں ہے۔

جہلم ڈپٹی کمشنر کا ای اینڈ ای ڈی سی سینٹر کا دورہ،

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر کا ای اینڈ ای ڈی سی سینٹر کا دورہ، مریضوں سے ملاقات، ریکارڈ چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر جہلم محمد میثم عباس نے شہریوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لینے کیلئے ای اینڈ ای ڈی سینٹر شاندار چوک کا دورہ کیا اور وہاں علاج کی غرض سے آئے ہوئے شہریوں سے ملاقات کی اور طبی سہولیات بارے پوچھا۔ ڈی سی جہلم نے میڈیکل سینٹر کے ریکارڈ اور ادویات کی فراہمی کا جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ شہریوں کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔

جہلم شہر میں نکاسی آب اور سیوریج سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے پروجیکٹ جاری ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں نکاسی آب اور سیوریج سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے پروجیکٹ جاری ہیں یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس نے شاندار چوک میں سیوریج نالے کی تعمیر کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر میں میونسپل افسران نے ڈی سی جہلم کو سیوریج لائن بچھانے کے کام پر اب تک کی پیش رفت سے آگاہ کیا ڈی سی جہلم میثم عباس نے کہا کہ نالے کی تعمیر کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث تحصیل دیپال پور کے اجلاس کا انعقاد

جلاس کی صدارت مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع اوکاڑا کے سرپرست پروفیسر ڈاکٹر حمود الکھوی نے کی



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) مرکزی جمعیت اہل حدیث تحصیل دیپال پور کا اجلاس وساوے والا میں مشہور ومعروف عالم دین حضرت مولانا محمد اکرم زاہد کی میزبانی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع اوکاڑا کے سرپرست پروفیسر ڈاکٹر حمود الکھوی۔ امیر ضلع اوکاڑا میاں محمد اسلم صدیقی۔ ناظم مالیات مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع اوکاڑا ڈاکٹر محمد اظہر حسن آف حویلی لکھانے کی۔ اجلاس کے ایجنڈے میں مشاورت تنظیم سازی اور نئے عہدہ داروں کا چناؤ بھی شامل تھا۔ اجلاس میں عہدہ داروں کی حاضری قابل تعریف تھی جن کی شرکت نے۔ اجلاس کو کامیاب کر کے چار چاند لگا دیے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث تحصیل دیپال پور کے اجلاس میں شریک عہدہ داروں میں سرپرست اعلی استاذ العلماء حضرت مولانا سرفراز احمد لکھوی۔ سرپرست مولانا عبد الحفیظ محسن نقوی۔ تحصیل امیر دیپال پور اپنا منفرد مقام رکھنے والی شخصیت خطیب ذیشان معروف عالم دین حضرت مولانا محمد اکرم زاہد تحصیل ناظم مرکزی جمعیت اہل حدیث حضرت مولانا محمد یوسف کھوکھر آف توحید پور۔ ناظم سیاسی امور تحصیل دیپال پور حضرت مولانا میاں محمد صادق گل۔ ناظم تبلیغ حضرت مولانا عنایت اللہ شاکر۔ پروفیسر ملک قطیع اللہ اعوان آف حجرہ شاہ مقیم اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر فضیلۃ الشیخ عمیر عبدالرحمن مدنی آف راجوال۔ حافظ احمد فراز مانیکا حویلی لکھا۔ نائب ناظم تحصیل دیپال پور حافظ انس نفیس آف وساوے والا۔ مولانا عبدالرشید۔ احمد حسن شہزاد۔ عبدالرحمن اسامہ لکھوی اور محمد سعید وساوے والا بھی شامل تھے۔ اجلاس میں عہدہ داروں کے چناؤ کے بعد مولانا محمد اکرم زاہد ڈوگر نے اپنی میزبانی میں شاندار ظہرانا دیا۔ حاضرین محفل خوب لطف اندوز ہوئے۔ معزز مہمانوں نے کامیاب اجلاس پر مولانا محمد اکرم زاہد ڈوگر کو اور نئے عہدہ داروں کو مبارکباد پیش کی۔

موجودہ حکومت بہترین کام کر رہی ہے: چوہدری اورنگزیب گورائیہ

عام افراد پنجاب حکومت کی پالیسیوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں مکان کی تعمیر اور کاروبار کیلئے سود فری قرضوں سے بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) موجودہ حکومت بہترین کام کر رہی ہے عام افراد پنجاب حکومت کی پالیسیوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں مکان کی تعمیر اور کاروبار کیلئے سود فری قرضوں سے بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور لوگوں کو رہنے کیلئے چھت میسر آئے گی دھی رانی پروگرام نے غریبوں کی مشکلات آسان کردی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مریم نواز کا عملی سیاست کا پہلا تجربہ ہے جو کامیاب ثابت ہوا ہے امید ہے پنجاب کی ترقی مستقبل میں گہرے اثرات چھوڑے گی بھی سالوں سے ترقی کو لگائی گئی بریک ختم ہو چکی ہے اب خوشحالی اور ترقی کا دور ہے۔

محنت کش عمر حیات کے مکان پر قبضہ ہوئے ایک سال کا عرصہ گزر گیا: حکام سے کارروائی کا مطالبہ

لالیاں (رانا کاشف سلیم سے) تھانہ چناب نگر کے علاقہ پھتی قریشیاں کے محنت کش عمر حیات کے مکان پر قبضہ ہوئے ایک سال کا عرصہ گزر گیا۔ انصاف کے حصول کیے لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے کے باوجود قبضہ مافیا سے اپنا حق نا مل سکا۔ محنت کش تنگ آ کر انصاف کے حصول کے لئے اہل خانہ کے ہمراہ پانچ مرلہ کے مکان میں منتقل ہو گیا۔

پیٹرول کے غیر قانونی کاروبار کے خلاف آگاہی مہم بھرپور انداز میں جاری

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضمیر حسین ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب لاہور، عبدالرزاق ڈپٹی کمشنر وکنٹرولر سول ڈیفنس حافظ آباد کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر طاہر جاوید نے پبلک مقامات پر ایل پی جی اور پٹرول کے غیر قانونی کاروبار کے خلاف آگاہی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے اس سلسلہ میں گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج برائے خواتین علی پور روڈ میں آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ جہاں طالبات کو سول ڈیفنس کے بنیادی اصول کے متعلق بتایا گیا۔ فوارہ چوک اور جنرل بس سٹینڈ میں آگاہی فلیکسز لگائے گئے۔ سٹی حافظ آباد میں ایل پی جی ڈیکنگ کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں ایل پی جی ڈیکنگ کا سامان ضبط کر کے استغاثہ جات سمیت تھانہ میں جمع کروا دیا گیا اس مہم کا مقصد انسانی جان ومال کا تحفظ یقینی بنانا ہے اس حوالے سے کسی قسم کی رعایت نہ کی جائے گی ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو تنویر یاسین اور اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر نے بس اسٹینڈ اور مختلف علاقوں کا دورہ کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو تنویر یاسین اور اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر نے بس اسٹینڈ اور مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے والی ٹیموں اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین نے چک چٹھہ سمیت دیگر دیہی علاقوں کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے والی ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے علاقہ مکینوں اور والدین سے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے فیڈ بیک بھی لیا۔ علاوہ ازیں اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سلمان اکبر نے مختلف ویکسین ڈسٹ اڈوں کا دورہ کیا اور وہاں پر محکمہ صحت کی پولیو ٹیموں کی جانب سے بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے لیے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مسافروں سے بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے حوالے سے فیڈ بیک بھی لیا۔

جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس کا گرلز کالج سول لائن کا دورہ

تعلیمی سرگرمیوں اور طالبات کے لیے سہولیات کا جائزہ: اساتذہ کی حاضرہ بھی چیک کی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم دورہ کیا جہاں انہوں نے طالبات کی سرگرمیوں اور



عباس کا گرلز کالج سول لائن کا دورہ، تعلیمی سرگرمیوں اور طالبات کے لیے سہولیات کا جائزہ، تفصیلات کے مطابق ڈی سی جہلم میثم عباس نے گورنمنٹ گرلز کالج سول لائن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے طالبات کی سرگرمیوں اور طالبات کے لیے سہولیات کا جائزہ لیا، ڈی سی جہلم کالج اساتذہ کی حاضری چیک کی اور کالج پرنسپل کو ہدایت کی کہ تعلیمی سرگرمیوں پر کوئی تعطل پیدا نہیں ہونا چاہیے۔

جنید آفتاب سے انکے بھائی کی وفات پر تعزیت کرتے ہیں: طاہر مجید کپور

پروفیسر جمشید آفتاب مرحوم قابل انسان تھے: شبلی شیراز صندل



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور اور معروف بزنس مین شبلی شیراز صندل نے سفیر جرنلسٹ جنید آفتاب آف جنگ کے چھوٹے بھائی کی وفات پر اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ مرحوم پروفیسر جمشید آفتاب قابل اور منکسر المزاج انسان دوست شخصیت تھے۔ ان کی وفات پر سفیر صحافی جنید آفتاب اور ایجنگانہ کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کی قبر کی منزلیں آسان فرما کر جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے کہا کہ مرحوم پروفیسر جمشید آفتاب گورنمنٹ مرے کالج میں کیمسٹری ڈپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ پروفیسر تھے اور عرصہ دراز سے شعبہ تدریس سے وابستہ رہے۔

صحافی چوہدری طاہر محمود چدھڑ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں

جان سے مارنے کی دھمکیاں دیے جانے پر صحافتی برادری، سیاسی وسماجی حلقوں اور عوام نے شدید مذمت کی ہے



چکوال (محمد ایوب سلطانی سے) روزنامہ قوت اخبار لاہور بیورو چیف چکوال محمد ایوب نے بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ چوآسیدن شاہ علاقہ جھنگڑ کے معروف صحافی چوہدری طاہر محمود چدھڑ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں، صحافتی برادری اور عوامی حلقوں کا شدید ردعمل علاقہ جھنگڑ کے معروف اور سٹرد صحافی چوہدری طاہر محمود چدھڑ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیے جانے پر صحافتی برادری، سیاسی وسماجی حلقوں اور عوام نے شدید مذمت کی ہے چوہدری طاہر محمود چدھڑ ہمیشہ علاقے کے بنیادی مسائل، تجاوزات، مہنگائی اور انتظامی غفلت پر بے باکی سے آواز اٹھاتے رہے ہیں کل جب انتظامیہ نے بشارت بازار میں کارروائی کی تو بعض سیاسی عناصر اور دکانداروں نے ان پر تنقید کے ساتھ ساتھ جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں، جو ایک افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے عوامی حلقوں نے ڈی پی او چکوال اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چوہدری طاہر محمود چدھڑ کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور انہیں دھمکیاں دینے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے، اور ایک آزاد صحافی کو دھمکانا درحقیقت سچائی کی آواز کو دبانے کی کوشش ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

مصطفی آباد: نقیب آباد میں 31 واں سالانہ جشن نقیبی آج سے شروع ہوگا

دنیا بھر سے زائرین کی آمد کا سلسلہ شروع، انتظامات مکمل کر لئے گئے

مصطفی آباد/لیالیاں (نمائندہ خصوصی) نقیب آباد میں 31 واں سالانہ جشن نقیبی آج سے شروع ہوگا، سجادگان آستانہ عالیہ نقیب آباد شریف نقیب ثانی حضرت خواجہ صوفی محمد نقیب الرحمان شاہ نقیبی، حضور قبلہ عظمت ثانی حضرت خواجہ صوفی محمد اسد اللہ شاہ کی زیر صدارت افتتاحی تقریب بعد نماز عصر ہوگی، دنیا بھر سے زائرین کی آمد کا سلسلہ شروع، انتظامات مکمل کر لئے گئے، تفصیلات کے مطابق سجادگان آستانہ عالیہ نقیب آباد شریف نقیب ثانی حضرت خواجہ صوفی محمد نقیب الرحمان شاہ نقیبی، حضور قبلہ عظمت ثانی حضرت خواجہ صوفی محمد اسد اللہ شاہ کی زیر صدارت حضرت خواجہ خواجگان فقیر صوفی محمد نقیب اللہ شاہ قادری، سہروردی، ابوالعلائی، نقشبندی، مجددی، چشتی، صابری، نظامی، جہانگیری، حسنی کا 31 واں سالانہ جشن نقیبی نقیب آباد شریف بھلوہ میں 23 اپریل سے شروع ہوگا، عرس میں سلسلہ نقیبیہ سے تعلق رکھنے والے دنیا بھر سے خلفائے کرام، عقیدت مندوں، زائرین، صوفیا کرام کی بڑی تعداد شرکت کرے گی، عرس کی تقریبات کا سلسلہ چار روز تک جاری رہے گا، 23 اپریل کو بعد نماز فجر حلقہ ذکر و نعت خوانی سے آغاز ہوگا، افتتاحی تقریب بعد نماز عصر سجادگان کی زیر صدارت ہوگی، جس کے بعد دنیا بھر سے آئے عقیدت مندوں کی طرف سے اپنے اپنے انداز میں عقیدت کے اظہار کریں گے، بعد رات گئے تک جلوسوں کی حاضری کا سلسلہ جاری رہے گا، 24 اپریل کو سجادگان آستانہ نقیبیہ حضرت صوفی محمد نقیب الرحمن شاہ وحضرت صوفی محمد اسد اللہ شاہ آستانہ عالیہ نقیب آباد سے مریدین کی بڑی تعداد کے ہمراہ جلوس کی شکل میں ہر سال کی طرح مزار بابا بلھے شاہ پر حاضری دیں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر تعیم بشیر دیپال پور طبی سہولیات کا جائزہ لینے رورل ہیلتھ سینٹر بصیر پور پہنچ گئے

دیپالپور (زاہد عمران حجونہ) اسسٹنٹ کمشنر تعیم بشیر دیپال پور طبی سہولیات کا جائزہ لینے رورل ہیلتھ سینٹر بصیر پور پہنچ گئے انہوں نے مرکز صحت کے مختلف شعبوں میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور ڈاکٹرز وسٹاف کی حاضری اور میڈیکل ریکارڈ بھی چیک کیا، اس موقع پر انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہیلتھ سینٹر میں آنے والے تمام مریضوں کو تشخیص اور علاج معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بیماریوں سے بچاؤ اور پرہیز بارے بھی آگاہی فراہم کی جائے، اسسٹنٹ کمشنر تعیم بشیر نے کہا کہ شعبہ صحت میں عوامی خدمت عین عبادت ہے



ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی جھنگ کی داخلہ مہم 2025-26 بھرپور طریقے سے جاری

31 مئی تک ہر آؤٹ آف سکول بچے کو سکول تک لانے کا عزم کیا گیا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی جھنگ کی داخلہ مہم 2025-26 بھرپور طریقے سے جاری۔ مسز مہوش عارف ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ کے مطابق اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسران خواتین ونگ تحصیل جھنگ کے زیر اہتمام داخلہ مہم کے حوالے سے ایجوکیشن کمپلیکس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن تنویر احمد غزالی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ نسرین عبداللہ، ڈی ای او سیکنڈری ایجوکیشن، ڈپٹی ڈی ای او ایلیمنٹری ایجوکیشن (مردانہ) سمیت محکمہ تعلیم کے افسران نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کی جانب سے بچوں میں مفت یونیفارم، اسکول بیگ، کتابیں تقسیم کرتے ہوئے داخلہ مہم کا باقاعدہ آغاز کیا اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ٹیچرز کو تعریفی سرٹیفکیٹ بھی جاری کیے۔ مہوش عارف کا کہنا تھا کہ ضلع جھنگ میں 2500 نئے داخلے کیے گئے اور 31 مئی تک ہر آؤٹ آف سکول بچے کو سکول تک لانے کا عزم کیا گیا ہے۔

چونڈہ کے موضع راجیاں میں سسرالیوں نے بہو کو بدترین تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

شدید زخمی حالت میں غریب گھرانے کی ش اسپتال منتقل۔ چوہدری عبدالرزاق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کی تحصیل پسرور کے قصبہ چونڈہ میں افسوسناک واقعہ میں ش نامی لڑکی سسرالیوں کے بدترین ظلم کا شکار ہوئی۔ قوت نیوز کے کرائم رپورٹر چوہدری عبدالرزاق کی فراہم کردہ تفصیلات کی مطابق چونڈہ کے نواحی راجیاں میں واقع بالا ٹر سسرالیوں نے غریب گھر کی (ش) اپنی بہو کو جہیز زیادہ نہ لانے کی پاداش میں بدترین تشدد کا نشانہ بنا ڈالا اور سسرال والوں نے ڈنڈوں کے وار کر کے بہو (ش) کو شدید زخمی کر دیا جس کو اہل دیہہ نے طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر کے میڈیا کو بھی ظلم بارے آگاہ کیا۔

یونیورسٹی آف ساہیوال کی طرف سے فلسطین کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا

ریلی میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی





ساہیوال (محمد اے ڈی سیم پراے) یونیورسٹی آف ساہیوال کی طرف سے فلسطین کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اس ریلی میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، طلباء، اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کرنے والوں میں ڈویژن ناظم اے ڈی سی ساہیوال رائے قمر عباس بشیر، ڈویژن جنرل سیکرٹری حاجی غلام مصطفیٰ آرائیں، عمر حیات سکھیرا، ایلیب طارق شاہ کھگہ، ارشد خان پٹھان، عبدالسمد خان پٹھان حامد سعید، اور دیگر سماجی رہنما شامل تھے۔ اس موقع پر ڈویژن ناظم اے ڈی سی رائے قمر عباس بشیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین کے نہتے عوام پر ہونے والا ظلم پوری انسانیت کے لیے ایک سوالیہ نشان ہے۔ امت مسلمہ کو متحد ہو کر فلسطینی بھائیوں کے لیے آواز بلند کرنی چاہیے۔ ہم مظلوموں کے ساتھ کھڑے ہیں اور یہ ریلی اس عزم کی علامت ہے۔ طیب طارق شاہ کھگہ نے اپنے بیان میں کہا ہم فلسطین کے بچوں، عورتوں اور بوڑھوں پر ہونے والے مظالم کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ہماری دعائیں، حمایت اور یقین ہے ہر وقت ان کے ساتھ ہیں۔ انسانیت کی یہ جنگ صرف فلسطین کی نہیں، بلکہ ہم سب کی ہے۔ ارشد خان پٹھان نے کہا قوت آگیا ہے کہ عالمی ضمیر جاگے اور فلسطینی عوام کو ان کا حق دلانے میں کردار ادا کرے۔ ہم آج ساہیوال کی سرزمین سے آواز بلند کرتے ہیں کہ فلسطین آزاد ہو کر رہے گا۔ ریلی کے دوران شرکاء نے ہاتھوں میں فلسطینی جھنڈے، پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر "فلسطین زندہ باد"، "ظلم کے خلاف آواز بلند کرو" اور "ہم سب فلسطینی ہیں" جیسے نعرے درج تھے۔ بچوں کی بڑی تعداد کی شرکت نے ریلی کو ایک جذباتی منظر میں بدل دیا، جہاں ہر عمر کا فرد فلسطینی عوام کے لیے دعا گو نظر آیا۔ اس ریلی نے ساہیوال کے عوام میں بیداری اور جذبے کی نئی روح پھونک دی ہے۔

بااثر افراد نے قیمتی درخت کاٹنے شروع کر دیئے

عارفوالا (امیر احمد خان سے) عارف والا نواحی گاؤں 28 ایل بی کے قبرستان سے بااثر افراد نے قیمتی درخت کاٹنے شروع کر دیئے جس پر اہلیہ دہیہ میں تشویش کی لہر عارف والا اہل دیہہ نے اسسٹنٹ کمشنر عارف والا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

21 سالہ نوجوان نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا

مصطفی آباد لیالیانی (نامہ نگار) گھریلو ناچاقی سے دلبرداشتہ ہو کر 21 سالہ نوجوان نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا، محلہ بابا علیم شکیل والہ کے رہائشی محمد خالد کے 21 سالہ بیٹے ایان علی کا اپنی والدہ سے معمولی تکرار پر جھگڑا ہو گیا، جس سے دلبرداشتہ ہو کر اس نے گندم میں رکھنے والی زہریلی گولیاں کھالیں، جسے تشویشناک حالت میں فوری جنرل ہسپتال لاہور لے جایا گیا، جہاں وہ دم توڑ گیا، پولیس نے ضروری کاروائی کرنے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری۔ عوامی روڈ سے محمد رضا کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری پرانی کچہری سے محمد داؤد کی موٹر سائیکل چوری منڈیکی گورائیہ ساجد حسین کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

انتقال پر ملال

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب ڈیجیٹل میڈیا کے سرپرست معروف کاروباری وسماجی شخصیت ملک ناظم اعوان کی والدہ، ماجدہ وفات پاگئیں مرحومہ کی نماز جنازہ انکے آبائی گاؤں کھوھار (سرائے عالمگیر) میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں شہری سماجی رفاہی کاروباری سیاسی صحافتی تنظیموں کے عہدیدین سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے بڑی تعداد میں۔ شرکت کی تفصیلات کے مطابق جہلم پریس کلب ڈیجیٹل میڈیا کے سرپرست معروف کاروباری وسماجی شخصیت ملک ناظم اعوان کی والدہ ماجدہ گزشتہ روز وفات پاگئی مرحومہ کی نماز جنازہ انکے آبائی گاؤں کھوھار میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں شہری کی سماجی رفاہی فلاحی کاروباری سیاسی صحافتی تنظیموں کے عہدین سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 23 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات تیک جھنڈے کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹلوث الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تلاش گمشدگی



محمد انور خان نامی شخص ذہنی توازن درست نہیں عمر 65 سال رنگ گندمی 6 مارچ سے لاپتہ اگر کسی کو ملے تو مندرجہ ذیل نمبر اطلاع دے ۔

03419659112

سکنہ: مکان نمبر 81/P، والٹن روڈ لاہور کینٹ 121 نج 7 کیو موبائل ایکسچینج کے عقب میں بیسیوں ڈائریکٹری کے مقابل

نمبر 1

ہوں آپ ہم مجھوتہ کو ملاقات کے لئے بلایں، بانی کی صحت اچھی ہے، الحمد اللہ آگاہ کیا گیا کہ جنوں کو ملاقات کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ بانی کو آگاہ کیا گیا کہ پارٹی رہنماؤں اور ورکرز کو بھی روکا گیا ہے، فیصل چوہدری نے کہا کہ قانونی امور پر جن پر بھی ملاقات کے لئے بلایا گیا ہے، ملاقات کی کوشش کروں گا، انہوں نے بتایا کہ ملاقات کے لئے 26 نومبر سے اب تک جیل کے چکر لگا چکا ہوں، فیصل چوہدری نے کہا کہ ملاقات کے لئے 9 مئی کے 8 مقدمات میں خانہ پری کی جائے گی، ملاقات کے لئے 8 مقدمات میں سے کسی ایک میں ملاقات کی اجازت دی جائے گی، بانی کی صحت کے حوالے سے کہا کہ ان کو کوئی بیماری نہیں ہے، ہم نے ان سے ملاقات کی ہے، بانی کی صحت بالکل ٹھیک ہے، فیصل چوہدری نے کہا کہ بانی کی صحت کے حوالے سے ہمیں کوئی تشویش نہیں ہے، بانی کی صحت بالکل ٹھیک ہے، ہم نے ان سے ملاقات کی ہے، بانی کی صحت کے حوالے سے

ناانصافی رہی ہو تو اس پر آنکھیں بند نہیں کی جا سکتیں، سپریم کورٹ

ان کیمرز میں تو عدالت سے ہدایات جاری ہوچکی ہیں کہ 4 ماہ میں فیصلہ کیا جائے، اب آپ یہ مقدمہ کیوں چلانا چاہتے ہیں؟

ہائی کورٹ کا جج اپنے فیصلے میں بہت آگے چلا گیا، جج نے غصے میں فیصلہ دیا، ضمنی جاوید بریت کیس میں جسٹس ہاشم کاکڑ کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) ضمنی جاوید اقبال کیس کی سماعت میں سپریم کورٹ کے جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے ہیں کہ اگر ناانصافی ہو تو اس پر آنکھیں بند نہیں کی جا سکتیں۔ سپریم کورٹ میں 9 ضمنی مقدمات میں ضمنی جاوید کی بریت کے فیصلے کے خلاف پنجاب حکومت کی اپیل پر سماعت ہوئی، جس میں مقتول وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ضمنی جاوید کے ریمانڈ بنکھلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر ہوئی۔ ریمانڈ بنکھلاف درخواست میں لاہور ہائیکورٹ نے مقدمہ سے بری کر دیا۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ ان کیمرز میں تو عدالت سے ہدایات جاری ہوچکی ہیں کہ 4 ماہ میں فیصلہ کیا جائے۔ اب آپ یہ مقدمہ کیوں چلانا چاہتے ہیں؟ جس پر وکیل نے جواب دیا کہ ہائی کورٹ نے اپنے اختیارات سے بڑھ کر فیصلہ دیا اور مقدمہ کو بری کیا۔ جسٹس (ریٹائرڈ) ضمنی جاوید کو